آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 19 اگست 2020ء بمطابق 27 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 225

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع: فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

ترجمان حکومت بلوچستان: ایگزیکٹو گورننس کی وجہ سے آج کرپشن نہ ہونے کے برابر ہے

صوبائی حکومت نے دو سالوں کے دوران 24 کابینہ اجلاس کئے، 20-2019 کے بجٹ میں 76 ارب روپے، کورونا وائرس کی وباء پر قابو پانے اور متاثرہ طبقے کی امداد کے لئے 6 ارب روپے خرچ کئے گئے

اب تک صوبے میں 32 اسکول اپ گریڈ اور 20 گرلز کالجز کو بسیں فراہم کی گئی ہیں کورونا کی وجہ سے ڈیڑھ ارب کا ٹیکس ریلیف دیا گیا ہے جبکہ محکمہ صحت کا بجٹ دس جبکہ تعلیم کا بجٹ گیارہ فیصد بڑھایا گیا ہے

پی ایس ڈی پی سے 2500 غیر ضروری اسکیمات ختم کی گئیں، کوئٹہ سیف سٹی پر کام شروع کیا گیا جو پچھلے سولہ سال سے نہیں ہو رہا تھا 20 ہزار خالی آسامیوں پر بھرتی کا عمل شروع کیا گیا، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے دو سالوں کے دوران 24 کابینہ اجلاس کئے، 20-2019 کے بجٹ میں 76 ارب روپے، کورونا وائرس کی وباء پر قابو پانے اور متاثرہ طبقے کی امداد کے لئے 6 ارب روپے خرچ کئے گئے، صوبے میں 20 ہزار خالی آسامیوں پر بھرتی کا عمل شروع کیا گیا، بہت سے منصوبے کورونا وائرس کی وباء کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہیں، گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے کورونا وائرس کے کیسز میں کمی کیفیت تھی اب اس میں پھر اضافہ نظر آ رہا ہے طبی ماہرین کے مطابق صوبے میں کورونا کی ایک نئی لہر آسکتی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان چیمبر آف کامرس کا گورنر بلوچستان سے ملکی و قومی معیشت کے استحکام میں صنعت و تجارت کا کلیدی کردار ہے، مسائل و مشکلات کا احساس ہے

ملکی و قومی معیشت کے استحکام میں صنعت و تجارت کا کلیدی کردار ہے اور صنعت و تجارت سے وابستہ افراد تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے، مثبت قومی تشخص کو اجاگر کرنے اور مقامی لوگوں کو روزگار کے وسیع مواقع فراہم کر سکتے ہیں

جان لیوا کرونا وائرس کے باعث کاروباری مراکز اور تفتان اور چمن بارڈرز کی بندش سے زندگی کے تمام شعبے بہت متاثر ہو چکے ہیں، سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور ہمسایہ ممالک کے تجارتی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کے روشن امکانات ہیں

بلوچستان کا صوبہ اپنے محل وقوع کے اعتبار نہایت اہمیت کا حامل ہے اور ملک بھر کے صنعت و تجارت سے وابستہ افراد بھی صوبہ بلوچستان کے راستے سینٹرل ایشیا کے ممالک تک بآسانی رسائی حاصل کر سکتے ہیں، گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ٹ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ ملکی و قومی معیشت کے استحکام میں صنعت و تجارت کا کلیدی کردار ہے اور صنعت و تجارت سے وابستہ افراد تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے، مثبت قومی تشخص کو اجاگر کرنے اور مقامی لوگوں کو روزگار کے وسیع مواقع فراہم کر سکتے ہیں، گورنر یاسین زئی نے کہا کہ بلوچستان کے تاجروں اور صنعتکاروں کو درپیش مسائل و مشکلات کا ہمیں احساس ہے، جان لیوا کرونا وائرس کے باعث کاروباری مراکز اور تفتان اور چمن بارڈرز کی بندش سے زندگی کے تمام شعبے بہت متاثر ہو چکے ہیں تاہم حکومت تمام تجارتی و کاروباری سرگرمیوں کی بحالی اور معاشی استحکام کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں جمعہ خان کی قیادت میں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز حکومت کی دو سالہ کارکردگی سے متعلق میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

کابینہ اجلاس، وزیراعظم عمران خان کی اجلاس میں آمد، اراکین نے ڈیسک بجا کر استقبال کیا

وزیراعظم کی کامیاب حکمت عملی سے کورونا پر قابو پایا، وزیراعظم کرپٹ پریشر سیل ہو چکے ہیں اب لمبی اننگ کھیلیں گے، اسد عمر

وزیراعظم کی قیادت میں معیشت کی ڈائریکشن مل گئی، وزیراعظم عمران خان عالم اسلام کے نئے لیڈر ہیں، مراد سعید

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ اراکین نے وزیراعظم عمران خان کی اجلاس میں آمد پر ڈیسک بجا کر استقبال اور اندرونی و بیرونی چیلنجز کا مقابلہ کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ منگل کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جب وزیراعظم اجلاس میں پہنچے تو کابینہ اراکین نے ڈیسک بجا کر استقبال کیا اور وزیراعظم کو حکومت کے 2 سال مکمل ہونے پر مبارکباد دی، اندرونی و بیرونی چیلنجز کا مقابلہ کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا، کابینہ اجلاس

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

جام کمال نے کورونا وائرس کی احتیاطی تدابیر پر عدم عملدرآمد کا نوٹس لے لیا

دفاتر، تجارتی مراکز اور عوامی مقامات پر ماسک اور سینیٹائزر کے استعمال اور سماجی فاصلوں کی ایس او پی پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کورونا وائرس کی احتیاطی تدابیر پر عدم عملدرآمد کا نوٹس لیا ہے، اس حوالے سے وزیراعلیٰ کی جانب سے تمام انتظامی سیکریٹریز ڈویژنل کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کو مراسلہ ارسال کیا گیا ہے جس میں ہدایت کی گئی ہے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

تحریک عدم اعتماد لانے کا علم نہیں، اگر کوئی لانا چاہتا ہے تو یہ اس کا حق ہے، سپیکر قومی اسمبلی

خورشید شاہ کا پروڈکشن آرڈر بھی نہیں روکا، وزیراعظم اور قائد حزب اختلاف دونوں کو ایوان میں زیادہ آنا چاہیے

لاہور (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ میرے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کا علم نہیں لیکن اگر کوئی لانا چاہتا ہے تو اس کا حق ہے، خورشید شاہ کا پروڈکشن آرڈر بھی نہیں روکا، وہ بیماری کی وجہ سے ایوان میں نہیں آتے، مجھ سے زیادہ پروڈکشن آرڈر کس

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

عمران خان کی قیادت میں پی ٹی آئی کی حکومت دو سالوں میں ہر محاذ پر ناکام رہی ہے، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے کہا ہے کہ عمران خان کی قیادت میں پی ٹی آئی کی حکومت دو سالوں میں ہر محاذ پر ناکام رہی ہے، حکومت عوام کو ریلیف دینے، بنیادی اشیاء کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے، معیشت کی بہتری، لوٹی ہوئی رقم ملک میں واپس لانے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

کوئی بھی پیشہ ور فوج تعداد اور ساز و سامان کی قلت کو اپنے عزم و ہمت اور بہتر تربیت سے متوازن کر سکتی ہے، ائیر چیف

پیشہ ورانہ مہارت اور کمی کمیوں کے ساتھ ساتھ تربیتی نظم و ضبط اور کیڈٹس کے نصاب کی موثر تکمیل کے لئے ضروری ہیں، مجاہد انور خان کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاک فضائیہ کے سربراہ ائیر چیف مارشل مجاہد انور خان نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ کی شاندار تاریخ اس بات کی غماز ہے کہ کوئی بھی پیشہ ور فوج تعداد اور ساز و سامان کی قلت کو اپنے عزم و ہمت اور بہتر تربیت سے متوازن کر سکتی ہے۔ وہ ائیر پاور

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے سابق جمعہ خان کی قیادت میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کھڈ کوچہ کے علاقے میں نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک شخص جاں بحق

مستونگ (این این آئی) کھڈ کوچہ کے علاقے میں نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک شخص جاں بحق تفصیلات

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان نے تمام سرکاری دفاتر میں بغیر ماسک کے داخلے پر پابندی عائد کر دی

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے تمام سرکاری دفاتر میں بغیر ماسک کے داخلے پر پابندی عائد

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

محرم الحرام کے دوران امن و امان اور شہر کا امن و امان برقرار رکھنے کیلئے ایڈیشنل آئی جی پولیس کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ اور دیگر سیکیورٹی فورسز کی کارکردگی قابل تعریف ہے، عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی پولیس کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کی میٹنگ محرم الحرام کے حوالے سے منعقد ہوا اجلاس میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن سیکٹر کمانڈر عرفان کرنل منصور کرنل زاہد شبیر کاکڑ فرنٹیئر کے صدر داؤد آغا علمائے کرام سیاسی قائدین دیگر شریک ہوئے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

پشین میں لیویز فورس کی کارروائی پولیو ورکرز سے موٹر سائیکل چھیننے کے شبے میں چار افراد گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) پشین میں لیویز فورس کی کارروائی پولیو ورکرز سے موٹر سائیکل چھیننے کے شبے میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

لسبیلہ میں اوتھل کے قریب قومی شاہراہ پر دو موٹر سائیکلوں اور گاڑی میں ٹکر پانچ افراد جاں بحق چار زخمی

لسبیلہ (این این آئی) لسبیلہ میں اوتھل کے قریب قومی شاہراہ پر دو موٹر سائیکلوں اور پراڈو گاڑی میں ٹکر

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وفاقی کابینہ نے این 95 ماسک کی ایکسپورٹ کی اجازت بھی دے دی، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس فواد چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی کابینہ نے این 95 ماسک کی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے سادگی مہم میں 750 ملین بچا لیے، مراد سعید

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے وزارت مواصلات کی 2 سال کی کارکردگی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

عمران خان کے بغیر حکومت کا قارون عوام نے مسترد کر دیا 68 فیصد عوام کی حکومت کی پانچ سالہ مدت پوری کرنے کی حمایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے بغیر موجودہ حکومت چلانے کا قارون عوام نے مسترد

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

تباہی سرکار نے دو سال میں ملک کو ایسی نہج پر کھڑا کیا ہے جہاں سے واپسی آسان نہیں، شیری رحمن

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف حکومت کی دو سال کی کارکردگی پیپلز پارٹی نے رد عمل کا اظہار

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

10 سال پرانے پراجیکٹس اب تک نامکمل دکھائی دے رہے ہیں، اختر لانگو

کوئٹہ پیکیج میں کئی ایک منصوبوں کو نامکمل چھوڑا گیا ہے، ہمیں دس سال پرانے پراجیکٹس اب تک نامکمل دکھائی دے رہے ہیں، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

چیئرمین پی اے سی نے آڈٹ رپورٹ برائے 18-2017 پر آڈیٹر جنرل کو فیلڈ ویری فیکیشن کی ہدایت کر دی، سی اینڈ ڈبلیو کے کسی بھی پراجیکٹ کو پانچ سال کے عرصے میں مکمل ہونا ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اختر حسین لانگو کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کی آڈٹ رپورٹ اور کمپلائنس 18-2017 کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین ملک نصیر شاہوانی، اسد اللہ بلوچ اور نصر اللہ زیرے کے علاوہ سیکرٹری اسمبلی طاہر بزنجو، سیکرٹری پی اے سی سراج الدین بازئی، چیف اکاؤنٹس آفیسر پی اے سی اور بیس آغا، ڈی جی آڈٹ غلام سرور مندوخیل، کمشنر مکران ڈویژن طارق قمر، ایڈیشنل سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو عبداللطیف کاکڑ نے شرکت کی۔ کمیٹی نے سال 18-2017 کے مختلف پیپرز کا معائنہ، مالی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

تحریک انصاف کا صوبے میں مفت کورونا کے اینٹی باڈیز ٹیسٹ کرنے کا آغاز

پہلے مرحلے میں کوئٹہ اور لورالائی میں ٹیسٹ کی سہولت فراہم کر دی گئی ہے، ڈاکٹر سمیع کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ صحت بلوچستان نے صوبے میں مفت کورونا وائرس کے اینٹی باڈیز ٹیسٹ کرنے کا آغاز کر دیا ہے پہلے مرحلے میں کوئٹہ اور لورالائی میں ٹیسٹ کی سہولت فراہم کر دی گئی ہے۔ یہ بات ٹی بی کنٹرول پروگرام کے پروفیشنل کوآرڈی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

عوام کی فلاح و بہبود امن و امان کی صورتحال سے منسلک ہوتی ہے، ضیاء لانگو

محرم الحرام کے مقدس مہینے میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں

محرم الحرام کا مقدس ماہ ہمیں ایثار، اتحاد بھائی چارے، یکجہتی اور صبر کا درس دیتا ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ٹ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے مقدس مہینے میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں، اعلیٰ سطح پر سکیورٹی پلان مرتب کرنے کے ساتھ ساتھ انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے، محرم الحرام کا مقدس ماہ ہمیں ایثار، اتحاد بھائی چارے، یکجہتی اور صبر کا درس دیتا ہے اس لئے عوام کو چاہئے کہ حفاظتی انتظامات کا احترام کرتے ہوئے ان پر عملدرآمد یقینی بنائیں، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کا کہنا تھا کہ محرم الحرام کے دوران کورونا وائرس کا پھیلاؤ روکنے کے حوالے سے احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کی جان و مال کا تحفظ ممکن ہو سکے، موجودہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی کی قیادت میں اپنی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود یقینی بنائی جا سکے، عوام کی فلاح و بہبود امن و امان کی صورتحال سے منسلک ہوتی ہے، ترقی و خوشحالی میں اضافہ بھی تب ممکن ہوتا ہے جب

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بھارتی مظالم کو اقوام متحدہ و عالمی عدالت انصاف میں لے جائیں، رحمن ملک کا وزیراعظم کو خط

وزارت خارجہ قانون و انصاف اور دیگر قومی ادارے بھارتی مظالم کیخلاف عالمی عدالت انصاف میں مقدمہ دائر کریں، سینیٹر رحمان ملک

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی سینیٹر رہنما، چیئرمین قائمہ کمیٹی داخلہ سینیٹر رحمان ملک نے وزیراعظم عمران خان کو خط لکھ کر مطالبہ کیا ہے کہ بھارتی مظالم کو اقوام متحدہ و عالمی عدالت انصاف میں لے جائیں۔ منگل کو سینیٹر رحمان ملک نے اپنی پریس کانفرنس میں خط پبلک کیا جس میں وزیراعظم عمران خان سے بھارتی مظالم کو اقوام متحدہ و عالمی عدالت انصاف لیجانے کا مطالبہ کیا گیا۔ رحمن ملک نے کہا کہ وزیراعظم نے بھارتی فورسز کے ہاتھوں کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کا وعدہ کیا ہے، سینیٹر رحمان ملک نے کہا کہ وزیراعظم نے کہا تھا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

لاپتہ افراد کیلئے قائم قومی کمیشن نے 30 جولائی 2020 تک 4616 کیسز نمٹائے ہیں

فیملیز کا موقف ذاتی طور پر سنا گیا جلد از جلد بازیابی کے لئے کوششیں کی گئیں

لاپتہ ہونے والے افراد سے متعلق کیسز کی تعداد مجموعی طور پر 6729 ہوگئی جو کہ 30 جون 2020 تک 6686 تھی

کوئٹہ (آن لائن) لاپتہ افراد کیلئے قائم قومی کمیشن نے 30 جولائی 2020 تک 4616 کیسز نمٹائے ہیں، منگل کو ادارے کی طرف سے جاری رپورٹ کے مطابق جولائی 2020 کے دوران 43 نئے کیس لاپتہ افراد کیلئے قائم قومی کمیشن کو موصول ہوئے جس کے بعد جبری طور پر لاپتہ ہونے والے افراد سے متعلق کیسز کی تعداد مجموعی طور پر 6729 ہوگئی جو کہ 30 جون 2020 تک 6686 تھی۔ لاپتہ افراد کیلئے قائم قومی کمیشن کے چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال کی کوششوں سے جولائی میں مزید 23

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

گوکرت پہاڑ کے قریب ایک نعش برآمد

بولان (این این آئی) گوکرت پہاڑ کے قریب ایک نعش برآمد، بولان میڈیا لیویز کے مطابق گوکرت پہاڑ کے قریب ایک نعش برآمد ہوئی جسے مقامی لیویز نے شناخت کیلئے مچھ سول ہسپتال منتقل کر دیا جہاں نعش کی شناخت مسماۃ (ن) زوجہ حوران خان قوم مری سکنہ کرتہ بولان مچھ سے ہوئی۔ واضح رہے کہ حالیہ بارشوں میں کرتہ مچھ کے مقام سے پانچ افراد لاپتہ ہوئے تھے جن میں ایک چار نعشوں کی شناخت کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

وزیراعظم حیات بلوچ کے خاندان کو انصاف کی فراہمی کیلئے کردار ادا کرے، طاہر بزنجو

بلوچستان کو پاکستان کی ترقی کا ضامن گردانتے والے بلوچ طالب علم کے ناحق قتل پر خاموش ہے

حادثاتی طور پر ایک گولی چل سکتی ہے لیکن ہاتھ پاؤں بندھے حیات پر 8 گولیاں برسائی گئی ہے، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے رہنماء سینیٹر میر طاہر بزنجو نے وزیراعظم پاکستان اور چیئرمین سینیٹ سے اپیل کی ہے کہ وہ حیات بلوچ کے خاندان کو انصاف کی فراہمی کیلئے کردار ادا کرے، بلوچستان کو پاکستان کی ترقی کا ضامن گردانتے والے بلوچ طالب علم کے ناحق قتل پر خاموش ہے، حادثاتی طور پر ایک گولی چل سکتی ہے لیکن ہاتھ پاؤں بندھے حیات پر 8 گولیاں برسائی گئی ہے، سوتے ہوئے کو تو بیگاؤ کے لیکن جاگتے ہوئے کو کیسے بیگاؤ کے بلوچستان حکومت کی یہی کیفیت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ نیشنل پارٹی کے سینیٹر میر طاہر بزنجو نے کہا کہ جمہوریت کی عمارت انسانی حقوق پر کھڑی ہوتی ہے انسانی حقوق کا یہ حال ہے کہ 13 اگست یعنی یوم آزادی سے ایک دن قبل بلوچستان کے ضلع کیچ کے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی واحد پارٹی ہے جہاں ہر کارکن کی قدر کی جاتی ہے، منظور احمد کاکڑ

کیونکہ کارکن کسی بھی سیاسی جماعت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، مرکزی سیکرٹری جنرل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری انچارج سردار نور احمد شنگلوئی کو بنانے سے متعلق خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار نور احمد شنگلوئی اپنے عہدے سے نہیں ہٹائے گئے ہیں، وہ پارٹی کے ایک محنتی کارکن ہے جنہوں نے پارٹی کی نمائندگی کیلئے دن رات محنت کی ہے، بلوچستان عوامی پارٹی واحد پارٹی ہے جہاں ہر کارکن کی قدر کی جاتی ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں منظور احمد کاکڑ نے سوشل

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

لاہور: سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور گورنر پنجاب چوہدری پرویز الٰہی ملاقات کر رہے ہیں

عوام کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، نور محمد دمڑ

ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ صوبے میں امن و امان کے قیام اور بیروزگار تعلیم یافتہ نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی کیلئے بھی اقدامات کئے جا رہے ہیں

صوبائی حکومت صوبے بھر میں یکساں اور اجتماعی ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جنکی تکمیل سے عوام کے اجتماعی مسائل میں کمی آئیگی، صوبائی وزیر پی ایچ ای

بزنجو (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا سماجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی قیادت میں قلوط صوبائی حکومت صوبے بھر میں یکساں اور اجتماعی ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جنکی تکمیل سے عوام کے اجتماعی مسائل میں کمی آئیگی ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ صوبے میں امن و امان کے قیام اور بیروزگار تعلیم یافتہ نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی کیلئے بھی اقدامات کئے جا رہے ہیں کرونا کے عالمی وباء کے باعث سرکاری محکموں کے خالی اسامیوں پر ٹیسٹ اور انٹرویوز میں تعطل کا شکار ضرور ہوئے لیکن اب کرونا وائرس قابو میں ہے اور روز بروز کرونا کی کیسز میں کمی آ رہی ہیں جلد تمام محکموں میں میرٹ کے مطابق ٹیسٹ اور انٹرویوز کا سلسلہ شروع ہو جائے گا عوام سے جو اعتماد کو پایا ہے اسکے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے مفادات کیلئے اٹھنے ہونے والی اپوزیشن کو بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ہضم نہیں ہو رہی ہیں اس لئے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

دو سال میں جھوٹ بولنے کا عمران خان کا کوئی ریکارڈ نہیں توڑ سکتا، مریم اورنگزیب

ہر شعبہ میں نقصانات، صدمات کا سامنا ہے، کوئی شعبہ نہیں جس میں چوری یا کرپشن نہ کی گئی ہو، کورونا کو بیماری کے طور پر استعمال کیا جاتا جا رہا ہے

حکومت آرٹی ایس کو بیٹھا کر سلیکٹڈ حکومت لائی گئی ہے، جو دعوے کنٹینر پر کئے تھے تمام جھوٹ ثابت ہو رہے ہیں، پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ دو سال میں جھوٹ بولنے کا عمران خان کا کوئی ریکارڈ نہیں توڑ سکتا، حکومت آرٹی ایس کو بیٹھا کر سلیکٹڈ حکومت لائی گئی ہے، جو دعوے کنٹینر پر کئے تھے تمام جھوٹ ثابت ہو رہے ہیں، پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کے دور میں کورونا کو بیماری کے طور پر استعمال کیا جاتا جا رہا ہے، پارلیمنٹ کا لاک ڈاؤن، سیاسی مخالفین کا لاک ڈاؤن، میڈیا کا لاک

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

حالیہ لیویز فورس میں آنے والی آسامیوں میں عمر کی حد 35 سال تک رکھی جائے، بے روزگار نوجوانوں

اوتھل (این این آئی) حالیہ لیویز فورس میں آنے والی آسامیوں میں عمر کی حد 35 سال تک رکھی جائے، بے روزگار نوجوانوں کو وزیراعلیٰ جام کمال خان سے اپیل تحصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے بے روزگار نوجوانوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ آنے والی لیویز فورس

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

اوتھل لنڈاپی کے مقام پر ٹریفک حادثے کے نتیجے میں زخمی افراد طبی امداد کی جاری جبکہ دوسری جبکہ نعشیں ہسپتال میں رکھی ہیں

اوتھل میں کوسٹ گارڈز کی گاڑی نے موٹر سائیکل سواروں کو روند ڈالا، ماں اور بیٹے سمیت 5 افراد موقع پر جاں بحق

4 کوسٹ گارڈز اہلکاروں سمیت 5 افراد شدید زخمی، حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، اوتھل پولیس واقعے کی مزید تحقیق کر رہی ہے

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل میں کوسٹ گارڈز کی گاڑی نے موٹر سائیکل سواروں کو روند ڈالا، ماں اور بیٹے سمیت 5 افراد موقع پر جاں بحق، 4 کوسٹ گارڈز اہلکاروں سمیت 5 افراد شدید زخمی، حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، تفصیلات کے مطابق منگل کی شام کو بلوچستان کے ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں انڈیا کے مقام پر پاکستان کوسٹ گارڈز کی پراڈو گاڑی نے تین الگ الگ موٹر سائیکل سواروں کو ٹکر ماری جسکے نتیجے میں موٹر سائیکلوں پر سوار نور محمد ولد ابو آچو، عظیم اللہ ولد محمد

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ضلع کوہلو میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا بڑے پیمانے پر کرپشن کا انکشاف ہوا ہے، باوثوق ذرائع

ملوث اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائے تاکہ ضلع میں جاری ترقی کا سفر روک نہ سکے

کوہلو (آن لائن) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں بڑے پیمانے پر کرپشن کا انکشاف لاکھوں روپے ہڑپ، زمین پر اسکیمات کا وجود ہے نہیں ہے تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا بڑے پیمانے پر کرپشن کا انکشاف ہوا ہے باوثوق ذرائع کے مطابق محکمہ کے افسران نے عوام کے پیسوں کو مال غنیمت سمجھ کر بزرگ صوفی شاعر یوسف توکلی دربار کے لیے 58 لاکھ کا اسکیم کو کرپشن کے نظر کر دیا ہے بزرگ صوفی شاعر یوسف توکلی دربار کے لیے 58

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کی جانب سے ٹاک واقعہ کے خلاف سبی میں ایک احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کی جانب سے ٹاک واقعہ کے خلاف سبی میں ایک احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی کو آرگنائز کرنے کی ذمہ داری بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی رہنما میر عبدالواحد صدیقی زئی، میر فدا صدیقی زئی نے کیا ریلی بلوچستان عوامی پارٹی کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

پولیو ایک موذی مرض ہے، اپنی نئی نسل کو ہر صورت اس سے محفوظ رکھنا ہے اس کے لئے ہمیں مل کر پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہوگا، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سوراب ڈاکٹر محمد اسلم بلوچ

سوراب (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سوراب ڈاکٹر محمد اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ پولیو ایک موذی مرض ہے، اپنی نئی نسل کو ہر صورت اس سے محفوظ رکھنا ہے اس کے لئے ہمیں مل کر پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہوگا، اس سلسلے میں والدین، سماجی کارکنان، قبائلی عمائدین اور علماء کرام سمیت معاشرے کے تمام طبقات کا تعاون

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

ہشتگردی کا نشانہ بنا کر آج پشتونوں کو معاشی قتل عام جاری ہے، کاکڑ

70 ہزار پشتونوں کو شہید کیا گیا ہے اگر 70 لاکھ پشتونوں کو شہید کیا جائے تب بھی ہم اپنے حقوق سے دستبردار نہیں ہونگے

ہم نے انگریزوں کی غلامی تسلیم کی تھی اور نہ ہی موجودہ حکومت و اسٹیبلشمنٹ کی پشتون دشمن اقدام کو تسلیم کریں گے، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے کہا ہے کہ دہشتگردی کا نشانہ بنا کر آج پشتونوں کو معاشی قتل عام جاری ہے، ہم نے انگریزوں کی غلامی تسلیم کی تھی اور نہ ہی موجودہ حکومت و اسٹیبلشمنٹ کی پشتون دشمن اقدام کو تسلیم کریں گے، 70 ہزار پشتونوں کو شہید کیا گیا ہے اگر 70 لاکھ پشتونوں کو شہ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز، مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

19 اگست 2020ء

کوشش ہے مسلمان ملکوں میں انڈر اسٹینڈنگ کی جائے

وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بھارت کی پاکستان کو تنہا کرنے کی پالیسی میں ناکامی ہوئی، پاکستان کامیاب رہا، چین، نیپال اور بنگلہ دیش اور جنوبی ایشیائی ممالک، بھارت پر سوال اٹھا رہے ہیں، چین ہمارا آزمایا ہوا دوست ہے جس کے ساتھ ہمارے اسٹریٹیجک شراکت داری رہی ہے دنیا ہمارے نقطہ نظر کو تسلیم اور افغان امن عمل میں پاکستان کے کردار کی معترف ہے، بین الافغان مذاکرات کا جلد آغاز ہوگا جس سے امن کو فروغ ملے گا، آج کوئی ایسا بین الاقوامی فورم یا موقع نہیں جسے ہم نے کشمیریوں اور پاکستان کے نقطہ نظر کو اجاگر کرنے کے لیے استعمال نہ کیا ہو، سال میں 3 مرتبہ سلامتی کونسل میں کشمیر کا مسئلہ زیر بحث آیا۔ بھارت کی پالیسی رہی ہے کہ پاکستان کو سفارتی تنہائی کا شکار کیا جائے اور ہماری کوشش یہ تھی کہ پاکستان کی مؤثر نمائندگی کریں کیوں کہ گزشتہ ادواروں کے دوران ایک عرصے وزیر خارجہ ہی موجود نہیں تھا جس کی وجہ سے بہت سے فورم پر ہمارا نقطہ نظر پیش ہی نہیں ہو پا تھا۔ دنیا بدل رہی ہے جس میں ہمیں دیکھنا ہے کہ پاکستان اور چین کے دیرینہ تعلقات کو مزید مستحکم کس طرح کیا جائے اور اس کی ایک زندہ مثال سی پیک 2 ہے جس میں ہم نے واضح اہداف متعین کیے ہیں جس میں صنعتی انقلاب، زرعی پیداوار میں فروغ، تخفیف غربت اور انسانی وسائل کی ترقی شامل ہے۔ ہم نے کوشش کی کہ اسلاموفوبیا کے حوالے سے مسلمان ملکوں میں انڈر اسٹینڈنگ کی جائے تاکہ تمام مسلمان ممالک ایک ساتھ مل کر اسلاموفوبیا کا مقابلہ کریں۔

شہدائے وطن میڈیا سیل کا میجر محمد کاظم شہید سیمینار

آغا سفیر حسین کاظمی

ایک محاورہ ہے، نیت صاف، منزل آسان، مادر وطن کی محافظ مسلح افواج پاکستان کی جمعیت جہاں دشمنوں کیلئے نیندیں اُڑانے کی سبب ہے، وہیں وطن دوستوں وخیر خواہوں کیلئے تحفظ جان و مال، عزت و آبرو کے احساس سے لبریز ہے۔ اور اطمینان قلب کا باعث بھی۔ بارہ سال پہلے جب شہدائے وطن میڈیا سیل قائم کیا تب سوشل میڈیا اس قدر "بے قابو" نہ ہوا تھا۔ کہ ملک وقوم کے اجتماعی واہم نوعیت کے اُمور کو یوں اُچھالا اور شکلیں بگاڑ کر پیش کیا جانا کوئی معمہ نہ ہوتا۔ تب پھر بھی کچھ احساس، کچھ لحاظ باقی تھا۔ میلٹون وفیکس کا دور تھا۔ اور سوشل میڈیا پر فیس بک سمیت دیگر ذرائع بھی تب آزمائش کی شکل میں ڈھلے نہیں تھے۔ البتہ اکا دکا واقعات کی بازگشت ضرور سنائی دیتی تھی۔ مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ آگے چل کر "سوشل میڈیا" قومی رائے عامہ کیلئے کتنا بڑا چیلنج بن جائیگا۔ چنانچہ شہدائے وطن میڈیا سیل اے کے زون کے تحت مادر وطن کے بہادر سپوتوں کی قربانیوں سے نئی نسل کو روشناس کرانے کیلئے موجودہ نسل کے بڑوں (اقتدار واختیارات کے حاملین) کو اُنکے حقیقی فرض کی جانب متوجہ کرنے کا ارادہ کیا۔ اس ضمن میں ابتداء میں شہید وطن نائیک سید محمد حسین شاہ تیموری بٹالین آزاد کشمیر رجمنٹ کے نام سرکاری تعلیمی ادارہ منسوبی کیلئے فائل وزیر اعظم وقت سردار یعقوب خان کو اُسوقت دی۔ جب اُنھوں نے صحافیوں کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا ہوا تھا۔ جو کہ ایک طرح سے تعارفی نشست بھی تھی۔ وزیر اعظم وقت فائل پر کام نہ کر سکے۔ کہ تب ریاست میں وزیر اعظم وزیر اعظم کا کھیل چل رہا تھا۔ جسکے اختتام تک پانچ سالہ مدت میں چار وزرائے اعظم تبدیل ہو چکے تھے۔ بہر حال شہدائے وطن کے ناموں سے سرکاری تعلیمی ادارہ، منسوبیت کو ترجیح دینے کا واحد مقصد یہ تھا۔ کہ ابتداء سے نئی نسل کو "انتخابی سیاست" کی نحوست سے بچاتے ہوئے مسلمہ اجتماعی قومی نظریہ کی جانب راغب کیا جائے۔ خاص کر مسلح افواج پاکستان کیساتھ ذہنی وفکری ہم آہنگی پیدا ہو۔ تاکہ ازلی دشمن ہندوستان مستقبل مین جب کبھی کوئی ایسی سازش چلنے لگے جس سے ایک بار پھر مشرقی پاکستان والا نسخہ (مکتی باہنی) استعمال کرنا چاہے تو اُسے ہماری نئی نسل کو ورغلانے، بہکانے میں سخت مشکل کا سامنا کرنا پڑے۔ اور پھر ناکامی بھی دشمن کا مقدر بنے۔ اس حوالے سے ذاتی طور پر یہ خیال تھا کہ سرکاری تعلیمی ادارے میں جب کسی شہید کا تعارف، کردار وکارنامے بمعہ تصویر بڑے سائن بورڈ کی شکل میں آویزاں ہونگے تو زیر تعلیم طلبہ وطالبات میں فوج، شہداء (وردی) سے اُنس پیدا ہوگا۔ اور جب شہید سے منسوب تعلیمی ادارے میں قومی/ریاستی اہمیت کے دنوں (جیسے یوم پاکستان، یوم آزادی، یوم دفاع، یوم شہدائے جموں، یوم قرارداد الحاق پاکستان وغیرہ) پر خصوصی تقریبات کا تسلسل سے اہتمام ہوگا۔ تو نئی نسل کو فکری ونظریاتی تربیت ملے گی۔ اور نئی نسل میں مادر وطن کے سپوتوں جیسا کردار اُبھرے گا، نکھرے گا۔ اور جب سپاہیانہ کردار شخصیت کا حصہ بن گیا۔ پھر ہندوستان ہی نہیں دُنیا کی کوئی بھی طاقت ہماری نئی نسل کو زندگی کے کسی مرحلہ پر دبا اور منا نہیں سکے گی۔ نہ ہی ورغلا، بہکا سکے گی۔۔۔۔۔ بہر حال نیت صاف، منزل آسان والا محاورہ صادق آیا۔ اور پھر پاک افواج نے ملک کے اندر غیر واضح شکل والے دشمن کیخلاف جنگ لڑنا شروع کی۔ تو یہ ضرورت محسوس کی گئی کہ "شہدائے وطن" کے حوالے سے ایک دن مخصوص کر دیا جائے۔ جس دن پاک فوج شہیدوں کے لواحقین ومتعلقین کو مدعو کرے۔ اور سول وفوجی قیادت، نمائندہ وسرکردہ عوامی شخصیات بھی تقریبات میں آئیں۔ جہاں شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا جائے۔ جونہی 30 اپریل 2012 کو پہلا یوم شہداء منایا گیا۔ تو راقم نے عسکری قیادت کو دستیاب ذرائع سے مشورہ دیا کہ کرگل وکیاری سے پہلے والے شہیدوں کے لواحقین کو بھی بلایا جانا چاہیے۔ (جنہیں ابتدائی طور پر نہیں بلایا گیا تھا) 30 اپریل 2013 میں یوم شہداء پر بطور جرنلسٹ شرکت کی دعوت ملی۔ تب میجر فضل نامی ایک باکمال افسر مظفر آباد میں پوسٹ تھے۔ جنہوں نے آئی ایس پی آر کی ترجیح کیمطابق بہت کم عرصہ میں ریاستی میڈیا کیساتھ بہترین تعلقات بنالئے۔ وہ بھلا افسر صحافیوں کیساتھ ممکنہ حد تک تعاون کیلئے بہت مستعد رہا۔ اُس بار بھی لواحقین شہداء دیگر شرکائے تقریب کی طرح پہلے ہی بیٹھا دیئے گئے تھے۔ جسکے بعد جی او سی میجر جنرل سید نجم الحسن اور مہمان خصوصی وزیر اعظم وقت چوہدری عبدالمجید نے آمد کے بعد لواحقین شہداء کیلئے مخصوص نشستوں پر جا کر حال احوال دریافت کیا۔ جی او سی مری مہمانوں کی پہلی صف کی جانب آئے سب سے مصافحہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے انچارج افسر میجر فضل نے پہلی صف میں جناب سلیم اختر پروانہ، سردار دل پذیر عباسی صاحب اور راقم سے فرداً فرداً تعارف کروایا۔ جب اُنھیں بتایا کہ مجھے لواحقین شہداء والی طرف ہونا چاہیے تھا۔ تو میجر فضل کہنے لگے۔ ہمیں معلوم نہ تھا۔ آئندہ خیال رہے گا۔۔۔ اس طرح 2013 میں ہی یوم دفاع "چھ ستمبر پر اسٹیشن ہیڈ کوارٹرز آڈیٹوریم میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی خصوصی دعوت ملی۔ جبکہ میرے علاوہ سردار ذوالفقار علی، امتیاز اعوان، عارف عزیز اسلم میر ودیگر کو ریٹ کیلئے مدعو تھے۔ مجھے وہاں اظہار خیال کا موقع دیا گیا۔ اسٹیشن کمانڈر برگیڈیئر اعجاز الرحمان تنویر، کرنل نوید وڑائچ (آئی ایس پی آر) کرنل زاہد عارف عباسی، میجر احمد (بعد میں کرنل) سمیت شرکاء نے بہت سراہا۔ اسٹیشن کمانڈر برگیڈیئر اعجاز الرحمان تنویر نے شہدائے وطن کے ناموں سے سرکاری تعلیمی ادارے منسوبیت کی فائیلوں پر کام کی سست روی کی نشاندہی پر اپنے حصے کا کردار ادا کیا۔ اسی طرح جی او سی میجر جنرل سید نجم الحسن سے براہ راست رابطے سے شہدائے وطن سے متعلق اُمور پر حوصلہ افزا پیش رفت ہوتی رہی۔ آج جبکہ آزاد کشمیر میں درجنوں تعلیمی ادارے شہداء کے ناموں سے منسوب ہیں۔ بے شک کام کی رفتار دم توڑتی محسوس ہوتی ہے۔ کہ "انتخابی سیاست" میں وطن اور دفاع کو وہ اہمیت حاصل نہیں رہتی۔ جو کہ ہونی چاہیے۔ پھر بھی بہتری کی اُمید رکھنی چاہیے۔ 2015 کے بعد یوم شہدائے پاکستان میں حسب سابق مدعو کیا جاتا رہا۔ تاہم جن فہرستوں کے تحت ہر سال دعوت دی جاتی رہی اُن کی صحت اب تک غیر تسلی بخش رہی۔ اب جبکہ آزاد کشمیر میں قابل ذکر ادارے منسوب ہیں۔ وہاں محکمہ تعلیم کا کردار قابل احتساب بھی ہے کہ شہیدوں کے ناموں سے ادارے منسوب ہونے کے باوجود وہ مقاصد پورے نہیں ہو رہے جنکے لئے یہ کوششیں کی گئیں۔ یعنی قومی سوچ وفکر یہ کا پرچار وادلیت کا اظہار۔۔۔۔ گذشتہ تین سال سے برگیڈیئر نجم سلیم شہید کی خدمات وقربانی کی یاد میں دارالحکومت کا کوئی اہم مرکز منسوب کرنیکا پر متوجہ کر رہے ہیں۔ کہ شہریوں کی اکثریت برگیڈیئر نجم سلیم کو فقط اس حوالے سے جانتی ہے کہ شوکت لائنز کی جانب آتے جاتے ایک مقام پر چھوٹا سا بورڈ لگا ہے۔ جس پر اس شہید کا نام لکھا۔ اللہ اللہ خیر صلہ۔۔۔۔ اس بار ایک منظم سرگرمی کے ذریعے بھی مطالبہ کیا ہے۔ جسکے ابھی تک پذیرائی نہیں ملی۔ کہ اللہ نے توفیق دی کہ ایک اور شہید وطن میجر محمد کاظم شہید (ستارہ جرأت) کی یاد میں 13 اگست کو سیمینار کا انعقاد کر کے آزاد حکومت سے، دارالحکومت میں سرکاری تعلیمی ادارہ شہید کے نام منسوب کرنیکا مطالبہ کر دیا ہے۔ اس سرگرمی کے مہمان خصوصی چیئرمین وزیر اعظم معائینہ وعملدرآمد کمیشن جناب زاہد امین تھے۔

اُنھوں نے یقین دلایا کہ وزیر اعظم سے بات کرونگا، جلد شہید میجر کاظم کے نام سرکاری تعلیمی ادارہ منسوب ہو جائیگا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شہداء کے جسد خاکی کے آنے پر اُنھیں آزاد حکومت/انتظامیہ کی سطح پر باوقار انداز میں وصول کرنے کی روایتی نہ ہونے پر دُکھ کا اظہار بھی کیا۔ اور اسے انتخابی حلقہ جات کے منتخب حکومتی نمائندوں کی عدم دلچسپی لمحہ فکریہ قرار دی۔ اور کہا کہ راجہ فاروق حیدر خان شہداء کے وارث ہیں، اس لئے جلد کسی ایک معتبر تعلیمی ادارے کو شہید میجر محمد کاظم کے نام سے منسوب کریں گے، کشمیر کی آزادی مضبوط ومستحکم پاکستان سے ہے، شہداء کے گھرانوں کو حالات کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا، میجر محمد کاظم سمیت تمام شہداء ہمارا فخر ہیں، سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے شہدائے وطن میڈیا سیل کے چیئرمین نے میجر محمد کاظم شہید کی خدمات وقربانی سے متعلق مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ اور بہادری شجاعت کے اعتراف اُنھیں وقت کے صدر جنرل ایوب خان نے اپنے ہاتھوں ستارہ جرأت سے نوازے جانے کو ایک منفرد اور قابل فخر تاریخ قرار دیا۔ اور بتایا 1971 میں مشرقی پاکستان میں خدمات کی انجام دہی کر رہے تھے۔ جب مکتی باہنی کے ذریعے پاکستان توڑنے کی سازش پر عمل جاری تھا۔ ایسے وقت میں میجر محمد کاظم نے آخری سانس تک لڑنے کا ارادہ کیا۔ اور دشمن کو ناکوں چنے چبواتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ جسکے اعتراف میں پاکستان نے دوسری بار بعد از شہادت بھی ستارہ جرأت سے نوازا گیا۔ جبکہ اسوقت آزاد کشمیر تھیٹر سنٹر میں شہید کے نام آڈیٹوریم منسوب ہے۔

قارئین! زاہد امین واقعی ہی بڑے انسان ہیں جنہوں نے میجر محمد کاظم شہید کی یاد میں منعقدہ سیمینار میں فراخ دلی سے شہدائے وطن میڈیا سیل اے کے زون کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے بتایا کہ کسطرح آغا سفیر حسین کاظمی (راقم) نے شہداء کے خاندانوں تک ہمیں پہنچانے میں کردار ادا کیا وہ لائق تحسین ہے۔ اُنھوں نے یہ بھی کہا کہ شہدائے وطن کے بچوں کو سرکاری نوکری دینی چاہیے۔ اور بتایا نوکریوں کے لیے کوٹہ مقرر کروانے کے لیے تحریک کر رہے ہیں۔ شہداء کے مزارات تک پکی سڑکوں کی تعمیر کے لئے لوکل گورنمنٹ مخصوص فنڈ مختص کرے۔ جناب زاہد امین کی سیمینار سے خطاب میں کہی باتیں جہاں وزیر اعظم راجا فاروق حیدر خان کی نیک نامی کا ایک سبب بن رہی تھیں۔ وہیں ایک محب وطن اور باوقار شخصیت کی عکاس تھیں۔۔۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ وزیر اعظم راجا فاروق حیدر خان کیپٹن نجم سلیم شہید، میجر محمد کاظم "شہید" کے نام تعلیمی ادارے منسوب کرتے ہیں۔ رواں دور حکومت میں شہداء کے ناموں سے کئی مقامات پر تعلیمی ادارے منسوب ہوئے۔ پھر سکوت۔ لیکن ایک کریڈٹ تو وزیر اعظم کے حصے میں آیا ہے جو پہلے کسی اور کا نہیں جب سے آزاد کشمیر میں پاک فوج کے شہیدوں کی قبروں پر آرمی چیف اور دیگر کمانڈرز کی جانب سے پھولوں کی چادریں چڑھانے کی روایت چل رہی ہے۔ وہاں آزاد حکومت کی جانب سے پھولوں کی چادر موجود نہیں ہوتی تھی۔ لیکن جناب زاہد امین نے چیئرمین وزیر اعظم معائینہ وعملدرآمد کمیشن کے طور پر شہدائے وطن کے حوالے سے جس مستعدی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اور آج ہر شہید کی قبر پر چادر پہنچتی ہے تو یہ کریڈٹ وزیر اعظم کا ہے۔ جنہوں نے چیئرمین کمیشن کے صوابدیدی منصب کو پہلی بار زاہد امین صاحب کی شکل میں وقار بخشا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ وزیر اعظم کی جتنی نیک نامی مذکورہ صوابدیدی عہدے پر فائز شخصیت کیوجہ سے نصیب ہوئی ہے۔ کسی دوسرے صوابدیدی عہدے بارے تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ مگر بات وہی ہے نیت صاف، منزل آسان۔۔۔ اور ہماری منزل قربانیاں دینے والی کی عزت کرنا سیکھنا ہے۔ اور یہ منزل مل کر رہیگی۔ انشاء اللہ۔۔۔ جس طرح میجر محمد کاظم شہید نے آخری سانس تک جنگ لڑنے کا سپاہیانہ فیصلہ کیا۔ ہم بھی اسی فیصلہ کی تقلید کرتے ہوئے منزل کی جانب پیش قدمی جاری رکھیں گے۔ بے شک کوئی کارگر خفائی کیوں نہ ہو۔

نیا لاہور ایک خواب یا خام خیالی (آخری قسط)

حبیب اعجاز عاشر

منصوبہ ایک خواب ہے جس کو تعبیر ملنا ممکن ہے یا صرف خام خیالی جو سوشل میڈیا پر تہلکہ مچانے کیلئے موثر حربہ؟ سب سے پہلا نقطہ یہ ہے کہ یہ کوئی نیا اچھوتا منصوبہ نہیں بلکہ پچھلے ادوار میں بھی حکمرانوں کو اس پر بریفنگ دی جاتی رہی ہے مگر اس پر عملدرآمد میں کئی پیچیدگیوں کے باعث عملی پیش رفت نہ ہو پائی تھی۔ اگر آج کی بات کریں تو سب سے پہلا مسئلہ سرمایہ کاری کا ہے؟ کیونکہ مقامی بلڈرز اور کنٹریکٹرز کی حکومت اور نیب کی ملی بھگت سے اتنی حوصلہ شکنی کی گئی ہے کہ وہ موجودہ ویسٹ آپ میں اس منصوبہ میں دلچسپی کیسے دکھائیں گے؟ راوی ریور اربن ڈویلپمنٹ منصوبے کو کامیاب بنانے کیلئے گوادر سمیت پاکستان بھر میں پہلے سے جاری رہائشی اور کمرشل اسکیموں کا مستقبل کیا ہوگا؟ جب پاکستانی سرمایہ کار ہی اپنے آپ کو غیر محفوظ تصور کر رہے ہیں تو بیرون ملک سے سرمایہ کاری کو کیسے راغب کیا جائے گا؟ نیا پاکستان ہاؤسنگ اسکیم کی مثال سامنے ہے کہ دو سال میں کس نے کتنی دلچسپی لی؟ اس منصوبہ پر سب سے پرکشش پہلو تعمیراتی زون کے درمیان پانی کی گزرگاہیں ہیں۔

جلو سے ٹھوکر تک کنال کو پچھلے دو سال میں صاف کرنا تو ناممکن ہو چکا ہے تو نئی چھالیس کلومیٹر کو تعمیر کرنا کیسے ممکن ہوگا؟ دوسری بات نئی جھیل کیلئے پانی ہے کہاں؟ ہماری ناقص خارجہ پالیسی کے تحت بھارت کی آبی جارحیت کے باعث راوی کو خشک کرنے اور اس میں پانی کی سطح کو بلند کرنا ہماری دسترس میں نہیں رہا ایک عرصہ دراز تک راوی تو خشک بنجر زمین کا منظر پیش کرتی رہی اگر حالیہ بارشوں کے سلسلہ میں غیر معمولی تیزی نہ آتی تو راوی کی صورتحال آج بھی کچھ اور ہوتی۔ وزیر اعظم کا کہنا ہے کہ سیوریج واٹر ٹریٹمنٹ کے ذریعے صاف پانی راوی میں پھینکا جائے گا جس سے راوی کی سطح بلند ہوگی اور یہ منطق بھی ناقابل فہم ہے جب پہلے ہی تقریباً دو ہزار کیوسک سیوریج کا گندہ پانی راوی میں ہی پھینکا جا رہا ہے تو پھر راوی میں پانی کی سطح کس آبی ذخائر سے اُس حد تک بلند ہوگی جسکو حکومت کی جانب سے جاری خیالی گرافیکل ویڈیو میں دیکھایا جا رہا ہے؟ کہا جا رہا ہے کہ اگر یہ منصوبہ نہ بنا تو لاہور کا حال کراچی جیسے ہو سکتا ہے، راقم الحروف پچھلے کئی ماہ سے اپنی تحریروں میں نشاندہی کر رہا ہے کہ لاہور کے ندی نالوں نہروں اور سیوریج کی پچھلے دو سالوں سے مناسب صفائی نہیں ہوئی اور لاہور آہستہ آہستہ کراچی کی صورتحال کی جانب ہی بڑھ رہا ہے ان گھروں میں بھی اب بارش کا سیلابی پانی آنے لگا ہے جہاں پچھلی چار پانچ دہائیوں میں کبھی پانی نہیں آیا۔

دوسری جانب اس منصوبہ پر نجی سرمایہ کاری اپنی جگہ حکومتی سطح پر بھی انفراسٹرکچر کی تعمیر پر ایک کثیر رقم درکار ہے۔ اگر غائبی مدد سے نیا سڑکوں کا نظام بنا بھی لیا جائے تو اُسے موٹر ویز کیساتھ سے ہی منسلک کرنا ہوگا۔ اس لئے بہتر تھا کہ دبئی کے مارینا سٹی یا ڈاؤن ٹاؤن سٹی جس میں ندی نالوں یا نہروں کا پانی استعمال نہیں کیا گیا بلکہ سمندر کے پانی کو استعمال کیا گیا ہے، کی نقل کرنے کے بجائے پہلے سے جاری منصوبہ بندی پر تھوڑی غور وفکر کر لی جاتی۔ جیسے موٹر ویز کی تعمیر کا مقصد صرف سڑکوں کا جال نہیں تھا بلکہ اس کے دونوں اطراف کمرشل اور رہائشی زون کی تعمیر بھی تھا اب چونکہ پاکستان میں امن بھی بحال ہو چکا ہے اور حکومت اپنے آپ کو اتنا مستحکم بھی سمجھ رہی ہے کہ میگا منصوبوں کی جانب بڑھ سکتی ہے تو بہتر ہوتا کہ اپنی موٹر ویز کو دبئی کی شیخ زید روڈ یا امارات روڈ کی طرز پر ڈھال دیا جاتا۔ عالمی معیار کی بائی ویز تو پہلے سے ہی موجود ہیں بس سروس روڈز کے اضافے سے دونوں اطراف رہائشی، کمرشل زون کی منصوبہ بندی آسان ہو جاتی۔ سیکورٹی کے اعتبار سے بھی یہاں سرمایہ کاروں کو تحفظ فراہم کرنا قدرے آسان ہے جبکہ لاہور جیسے گنجان آباد شہر میں قدرے مشکل ناممکن ہو سکتا ہے۔ جبکہ لاہور شہر سے منسلک اس منصوبے کے ہونے سے ایسا سیکورٹی رسک بھی پیدا ہو سکتا ہے جس طرح کے چیلنجز کا گوادر میں منصوبوں کے آغاز پر سامنا کرنا پڑا اور تا حال دشمن عناصر منصوبہ کو سبوتاژ کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ قصہ مختصر راوی ریور اربن ڈویلپمنٹ پروجیکٹ ایسے جیسے شجر کاری یا پھر واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس سے آگے بڑھتا دیکھائی نہیں دے رہا اور احساس محرومی کا شکار چھوٹے اضلاع کیلئے تنقید کا سبب الگ سے کہ وزیر اعظم کس طرح جمع شدہ ساری رقم کو نئے لاہور پر خرچ کرنے کا اعلان کر سکتے ہیں؟ لیکن اگر اس طرز کا منصوبہ موٹر ویز پر شروع کیا جائے تو ایک طرف لاگت بھی کم ہوگی اور دوسری طرف نیو لاہور سٹی کے پائلٹ منصوبہ کے افتتاح پر ہی نیو شیخوپورہ، نیو فیصل آباد، نیا سیالکوٹ، نیو اسلام آباد، نیو ملتان، نیو پشاور، نیو کراچی سمیت دیگر نئے شہروں کی نوید بھی سنائی جا سکتی ہے جس سے کسی سیاسی بہبودیوں کو علاقائی تعصب کو ہوا دینے کا بھی موقع نہیں ملے گا اور یہ منصوبے "راوی ریور اربن ڈویلپمنٹ پروجیکٹ" کی طرح خام خیالی نہیں ہونگے بلکہ وہ خواب ہونگے جن کی تعبیر ممکن ہے۔

☆☆☆☆☆

غلط: جھالاوان، درست: جہلاوان

عنایت اللہ رگام

ہندی کے حرفوں میں سے ایک ایک حرف ہے جھالاوان ہندی کا لفظ نہیں، بلوچی کا لفظ ہے جھالاوان میں دو چشمی ھ استعمال کرنا غلط ہے، ہر زبان کے اپنے حروف تہجی ہوتے ہیں، ہر ایک حرف کا اپنا مستقل آواز ہوتا ہے، اردو دنیا کا واحد زبان ہے ان کے حروف تہجی میں ایک جیسی ہم آواز حرف ہے ان کا اپنا مستقل آواز نہیں، ث، ح، ہ، ھ یہ ایک حروف ہیں ان کا مستقل آواز نہیں، مستقل آواز ہوتا، ان کو ح سلوائی، و یک چشمی، ھ دو چشمی کا نام نہیں دیتے، دو چشمی ھ ہندی سے لیا گیا ہے، جب ہم دو چشمی ھ استعمال کرتے ہیں نہ ہم ہندی ہیں، نہ ہم ہندو ہے ہیں ہندو ہندوس کا سرزمین، ہندی ان کا زبان ہے، سندھ، پنجاب یہ دونوں علاقے ہند کے حصے رہے ہیں سندھ، پنجاب میں رہنے والے ہندوس، سکھ تھے بعد میں مسلمان ہوئے، ان کا بود وباش، رہن سہن، شکل صورت ہندوس، سکھوں جیسے ہیں، ان کا لب ولہجہ ہندی سے مماثلت رکھتے ہیں، بلوچ، پٹھان نہ ہندو تھے، نہ ہندو، سکھ تھے، بلوچ، پٹھانوں کے رہن سہن، رسم ورواج ہندو جیسے والوں کی طرح نہیں ہے، ماچھی، سندھی، سرائیکی میں ہزاروں الفاظ ہندی کے ہیں، بلوچی، براہوئی میں روزمرہ میں الفاظ سو سے پچھتیس سو الفاظ عربی کے استعمال کرتے ہیں بعض لوگ کہتے ہیں اور لکھتے ہیں بلوچی فارسی سے نکلا ہے غلط ہے فارسی کے اپنے الفاظ عربی کے ہیں، قدیم فارسی میں 60 فیصد، جدید فارسی میں 40 الفاظ عربی کے الفاظ استعمال کر رہے ہیں، ٹھمی کے انتخاب سے پہلے فارسی زبان میں 60 فیصد ٹھمی کے انتخاب کے بعد 40 فیصد الفاظ عربی کے فارسی میں استعمال ہو رہا ہے ایک زبان میں 60 سے 40 فیصد عربی کے ہو، ہم کیسے کہہ سکتے ہیں، بلوچی، فارسی سے نکلا ہے، بلوچی، فارسی اوستائی زبان کی نسل سے ہے بلوچی اور فارسی میں بے شمار الفاظ اوستائی کے ہیں خیر ہمارا موضوع تاریخ بیان کرنا نہیں، بلوچی، براہوئی میں دو چشمی ھ استعمال کر رہے ہیں کیا وہ ہندی کے ہیں، دڑھ، جھالاوان، چھچھ، جھاؤ، جھل گمبی، جھکھو پر، زعری، بارکھان، کیا یہ ہندی کے الفاظ ہیں، نہیں، یہ بلوچی کے الفاظ ہیں نہیں، اپنی اپنی زبانوں میں ہندی کے دو چشمی ھ استعمال کرنے کی کیا ضرورت ہے، دو چشمی ھ کو ہم نادانستہ یا غیر ارادی طور پر استعمال کر رہے ہیں ایسا کرنے سے عربی رسم والخط میں یا رومن رسم الخط میں غلط لکھیں گے، گزری ہوئی قسط میں کلات کی مثال دی تھی، کلات میں ق نقطے والا حرف غلط ہے، اس قسط میں موضوع جھالاوان ہے، جہلاوان سوراب (سوراپ) سے لیکر مشکے، جھاؤ (جاہو) تک اس ضلع جہلاوان کہتے ہیں خضدار جہلاوان کا مرکز ہوا کرتا تھا، ریاست کلات، کلات، سراوان، جہلاوان پر مشتمل تھا کلات ریاست کلات کا مرکز تھا، شمالی جانب کو سراوان اور جنوبی جانب کو جہلاوان کہتے تھے، سراوان اور جہلاوان دونوں بلوچی لفظ ہیں، سراوان کو بہت کم لوگ سارا وان لکھتے ہیں سارا وان غلط، سراوان درست لفظ ہے جہلاوان کو 100 فیصد جہلاوان والے جھالاوان لکھتے ہیں لیکن زبان سے جہلاوان ادا کرتے ہیں غلط جھالاوان، جھالاوان کالج، جھالاوان اسپتال، جھالاوان میڈیکل اسٹور، وغیرہ، غلط جھالاوان چیف آف جھالاوان سردار ثناء اللہ زعری کا گھر ہے، چیف آف جھالاوان سے ملنے کیلئے تمام مکاتب فکر، صحافی، دانشور، شاعر، ادیب، اعلیٰ تعلیم یافتہ، لکھے پڑھے، ان پڑھ لوگ غلط جھالاوان میں جاتے ہیں جھالاوان ان کے نظروں سے گزرا ہوگا ایک بار نہیں کئیں بار گزرا ہوگا، جھالاوان اسپتال یہاں تو بڑے بڑے ڈاکٹرز ہیں اسپتال میں تمام مکاتب فکر کے لوگ، اعلیٰ تعلیم یافتہ علاج کرنے گئے ہیں جھالاوان ان کے نظروں سے بھی گزرا ہے، جھالاوان کالج میں پروفیسر، لکچرار، اساتذہ کرام ہیں ان کے نظروں سے روز لفظ جھالاوان گزر جاتا ہے کسی نے اس لفظ پر غور نہیں کیا ہوگا، لفظ جھالاوان اس طرح لکھنا درست نہیں غلط ہے جھالاوان کے علاوہ دو اور علاقے ہیں جھل گمبی، جھل جھاؤ ہیں کیا جھل گمبی کو جھال گمبی، جھل جھاؤ کو جھال جھاؤ لکھنا درست ہوگا، نہیں ہرگز نہیں، یہ بھی بلوچی کے الفاظ ہیں، کیا جھالاوان والے جھالاوان کو درست لکھ رہے ہیں نہیں، جھالاوان کو اس طرح لکھنا جہلاوان درست ہوگا، جھالاوان سیاسی لیڈران، قبائلی سردار، میر ومعتبرین، پروفیسر، شاعر، ادیب سب سے گزارش ہے ایک دفعہ جھالاوان کو بھی کر کے پھر اپنی زبان سے ادا کرے، جس لفظ کو اپنی زبان سے ادا کر رہے ہیں لکھنا ہو لفظ جھالاوان ایسا ادا ہو رہا ہے نہیں ایسا ادا جہلاوان ہو رہا ہے جھالاوان کو آئندہ جہلاوان ایسے لکھنا چاہیے، جہلاوان ایسا لکھنا درست ہے۔

آنے والے قسط وڈھ، جھاؤ، گریشہ، چھچھ، مشکے، آواران سریاب، جھل گمبی کے بارے میں ہوگا۔

☆☆☆☆☆

کیا عمران خان جانتے ہیں؟

کیا آج کے حکمران عمران خان جانتے ہیں کچھ لوگ ان کو قوم کی آخری امید سمجھتے ہیں؟ شاید اسی وجہ سے



بیشتر پاکستانیوں کو ان سے بہت سی توقعات وابستہ ہیں جس کا تقاضا ہے کہ وہ ملک میں امن وامان کے قیام، مہنگائی کے خاتمہ، سماجی انصاف اور ہر سطح پر ظلم کی حکومت ختم کرنے کیلئے اپنا بھرپور سیاسی کردار ادا کریں حضرت علیؓ کا فرمان ہے کہ کفری حکومت تو قائم رہ سکتی ہے ظلم کی حکومت نہیں۔ ہر پاکستانی کی طرح شاید عمران خان کو بھی اندازہ ہو گیا ہوگا آج وطن عزیز پاکستان کو بہت سے مسائل درپیش ہیں، ملک میں قیامت خیز مہنگائی سے غریبوں کا جینا عذاب بن گیا ہے، بیروزگاری اور غربت نے عوام کی خوشیاں چھین لی ہیں دہشت گردی، سماجی ناانصافی، انتہا پسندی جیسے حالات میں اکثر لوگ عمران خان کو پاکستان کا سب سے بڑا قومی رہنما سمجھتے ہیں لیکن ملکی حالات، امن وامان کی صورت حال اور کرپشن نے محب وطن پاکستانیوں کو انتہائی اضطراب میں مبتلا کر کے رکھ دیا ہے اللہ تعالیٰ نے جس کو تیسری بار اس ملک کا وزیر اعظم (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

اپنا لہو تلاش کروں؟ (آخری قسط)

بلاکت ہے عربوں کیلئے یہ حدیث سچ بھی سچ ہوئی

شاہ بانو میر

ہم نے اکتاب میں پڑھا
کہ
بنی اسرائیل دو قوم ہے
جسے
مسلمانوں کی خوشی تکلیف دیتی ہے
اور
تکلیف انہیں خوش کرتی ہے
آج پاکستان دوراہے پر کھڑا ہے
سی پیک ترقی کا راستہ ہے مگر قسط چین کا ہے
ہم پھر بے وقت کشکول تھامے منہ تک رہے ہیں
اب ہمیں چین پر انحصار کرنا ہوگا
جبکہ
ہم تو دال روٹی کھا کر آپ کے پیچھے چلے تھے
غیرت سے جینے کیلئے
حالات اشارہ کر رہے ہیں
اب جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن بگاڑ کی طرف جائے گا
پاکستان پر سیاسی معاشی اور دفاعی حصار تنگ کیا جائے گا
غیرت کے سبق جو بھول گئے تھے
اڑ طفل غازی دیکھنے کے ب

شال بقیہ 1

ہے، اس خدشے کے پیش نظر عوام سے گزارش ہے کہ ایس او پیز پر عملدرآمد کریں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو آفیسرز کلب کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، لیاقت شاہوانی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے اپنے دو سال مکمل کر لئے ہیں ان دو سالوں کے دوران حکومت نے وہ کچھ کیا جسکی ماضی میں مثال نہیں ملتی صوبے میں گڈ گورننس کی وجہ سے آج کرپشن نہ ہونے کے برابر ہے موجودہ حکومت میں چھوٹی سے چھوٹی بدعنوانی پر بھی کارروائی کی گئی حکومت کی کفایت شعاری اور بہتر حکمت عملی سے ترقیاتی بجٹ 118 ارب روپے تک لیکر جانے میں کامیاب ہوئے ہیں، دو سالوں کے دوران سیاحت کانفرنس، لائیو اسٹاک ایکسپو اور کابینہ کے 24 اجلاس منعقد کئے گئے موجودہ حکومت کے دور میں 1400 اسکیمات مکمل ہوئیں، تاریخی ورثہ کی تحفظ، تفریحی مقامات، سیاحت کے فروغ، شعبہ تعلیم کی بہتری، ڈیموں اور سڑکوں کی تعمیر سمیت مختلف شعبوں کی ترقی اور بہتری کے منصوبوں پر کام جاری ہے انہوں نے کہا کہ پی ایس ڈی پی سے 2500 غیر ضروری اسکیمات ختم کی گئیں، کوئٹہ سیف سٹی پراکم شروع کیا گیا جو پچھلے سولہ سال سے نہیں ہو رہا تھا 20 ہزار خالی آسامیوں پر بھرتی کا عمل شروع کیا گیا جبکہ کوئٹہ کراچی شاہراہ کو دوبارہ کرنے کے منصوبے کی فیز ون کی رپورٹ بن رہی ہے۔

شال بقیہ 2

فیڈریشن آف پاکستان، چیمبر آف کامرس کے ہیں رکنی وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ معاشرے میں صنعت وتجارت سے وابستہ افراد کا قومی پیداوار میں اضافے، لوگوں کو روزگار کے وسیع مواقع فراہم کرنے، سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور ہمسایہ ممالک کے تجارتی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کے روشن امکانات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا صوبہ اپنے محل وقوع کے اعتبار نہایت اہمیت کا حامل ہے اور ملک بھر کے صنعت وتجارت سے وابستہ افراد بھی صوبہ بلوچستان کے راستے سینٹرل ایشیا کے ممالک تک بآسانی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ملاقات میں صوبے کے تاجروں نے گورنر کو سرحدی تجارت، ملک کے دوسرے صوبوں کے تجارتی تعلقات اور سرمایہ کاری کے حوالے سے درپیش مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ سردست دو کئی مشکلات سے دوچار ہیں گورنر یاسین زئی نے صوبہ بھر تاجروں اور صنعتکاروں کے مسائل ومشکلات کو غور اور توجہ سے سنا اور انکے حل کے حوالے سے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دلایا۔

شال بقیہ 3

کہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ میں کمی آئی ہے تاہم اسکے مکمل خاتمے تک احتیاطی ایس او پی پر عملدرآمد جاری رکھا جائے اور دفاتر، تجارتی مراکز اور عوامی مقامات پر ماسک اور سینیٹائزر کے استعمال اور سماجی فاصلوں کی ایس او پی پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ مراسلہ میں عوام میں احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد جاری رکھنے کا شعور اجاگر کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔

شال بقیہ 4

سال 2017-18 کے اکاؤنٹس کے خصوصی اور پچھلی آڈٹ رپورٹ کی تکمیل پر غور وخوض کیا۔ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو اور آڈیٹر جنرل بلوچستان کے ڈی اے سی کے میٹنگ کے بعد کئی ایک پیرا سیٹل کئے گئے۔ اجلاس کے دوران چیئرمین پی اے سی نے کہا کہ اکنامک ڈی اے سی کی میٹنگ کے بعد محکمہ اپنے پیرا پر دوبارہ کمیٹی نہیں کر سکتا یہاں بحث کرنے کی بجائے اپنی کمزوریوں اور ناکامیوں کو پہلے زیر بحث لائے اگر ڈی اے سی اور آڈٹ ریکوری کا کہتے ہو تو ہم کسی بھی پیرا کو ریکوری کے بغیر سیٹل نہیں کر سکتے جب محکمہ کو ایک موقع دیا جاتا ہے تو ضروری کاغذات کی تصدیق اور دیگر ضروری ریکارڈ ڈی اے سی میں پیش کرے۔ چیئرمین پی اے سی نے کئی پیرا پر آڈیٹر جنرل کو فیلڈ ویری فیکیشن کی ہدایت کی اور کہا کہ فیلڈ پر پراجیکٹس کی ویری فیکیشن کر کے رپورٹ پی اے سی کو جمع کروادیں۔ اجلاس کے دوران چیئرمین پی اے سی نے کہا کہ پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرے سی اینڈ ڈبلیو کے کسی بھی پراجیکٹ کو پانچ سال کے عرصے میں مکمل ہونا ہے لیکن ہمیں دس سال پرانے پراجیکٹس اب تک نامکمل دکھائی دے رہے ہیں جو کہ قوانین کی سراسر خلاف ورزی ہے۔

شال بقیہ 5

خطہ امن وامن کا گہوارہ ہو اس لئے صوبائی حکومت ہر وہ اقدام اٹھائے گی جس سے عوام کی فلاح وبہبود ممکن ہو اور عوام کی جان ومال کا تحفظ یقینی ہو۔

شال بقیہ 6

معمولی سے بات کو ایشو بنا کر واویلا شروع کرتے ہے اگر تمام نہاد اپوزیشن جماعتیں صوبے کے عوام کیلئے یہ چیخ وپکار کرتے تو ہم مان لیتے تھے کہ انکے حلقے میں ترقیاتی کام نہیں ہو رہے ہیں حالانکہ صوبہ بھر میں بلاتعصب برابری کی بنیادی ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے دراصل یہ اپوزیشن والے ترقی نہیں بلکہ ماضی کی طرح ترقیاتی منصوبوں کو کرپشن وکمیشن کی نظر کرنا چاہتے ہے جو کہ موجودہ صوبائی حکومت کی دور میں ناممکن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین شمس مزنزئی کی جانب سے دیے گئے ظہرانہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر شمس مزنزئی، حاجی باز محمد دمڑ۔ عبدالناصر ترین ایڈوکیٹ، خان محمد دمڑ، عطاء محمد دمڑ، شیر باز ترین، نصیب اللہ دمڑ سمیت ضلع لورالائی کے قبائلی معتبرین کثیر تعداد میں موجود تھے اس موقع پر لورالائی کے عوام کی جانب سے پانی کے حوالے سے درپیش مسائل ومشکلات کے حوالے سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا گیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے لورالائی کے شہریوں کو پانی کے حوالے سے درپیش مشکلات کو جلد از جلد کرنے کیلئے ایکسین پی ایچ ای لورالائی کو ہدایت جاری کردیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت وزیراعلیٰ جام میر کمال خان کی قیادت میں صوبہ بھر کے تمام حلقوں اضلاع اور علاقوں کو یکساں ترقی کی خواہاں ہے، صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے جامع منصوبہ بندی کرنے سے غربت اور پسماندگی دور کرینگے انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے صوبائی دارالحکومت سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا کر عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

شال بقیہ 7

ہیڈ کوارٹر تربت میں نوجوان حیات بلوچ جو کراچی یونیورسٹی کا طالب علم تھا فورسز کے ہاتھوں مارا گیا تب سے لیکر آج تک پورے بلوچستان میں احتجاجی مظاہرے ہو رہے ہیں ملکی وعالمی سطح پر انسانی حقوق کی تنظیمیں صدائے احتجاج بلند کر رہے ہیں سوائے ہمارے بڑے جماعتوں کو، سینیٹر عثمان کاکڑ نے درست کہا کہ ہمارے بڑے سیاسی جماعتوں کو صرف اپنے ذات کی فکر ہے، ویسے کہا جاتا ہے کہ ترقی کے راستے بلوچستان سے گزرتے ہیں اور ترقی کی ضمانت بلوچستان ہے لیکن اصولی طور پر بلوچ نوجوان جو ناحق مارا گیا ہے پراپوزیشن لیڈر کو بات کرنی چاہیے پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کو بات کرنی چاہیے، سوشل میڈیا بھر اپڑا ہے، اب کہا جا رہا ہے کہ یہ نوجوان حادثاتی طور پر مارا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ اگر نوجوان حادثاتی طور پر مارا گیا ہے تو اس کے ہاتھ پاؤں کیوں باندھے گئے ہیں؟ حادثاتی طور پر ایک گولی چل سکتا ہے نوجوان پر 8 گولیاں برسائی گئی ہے بلوچستان میں کوئی حکومت نہیں ہے جس کا آپ کو بھی بخوبی علم ہے جناب چیئرمین، انہوں نے کہا کہ وہ کہتے ہیں کہ سوتے کو تو جگاؤ گے جاگتے کو کیسے جگاؤ گے بلوچستان حکومت کے ساتھ یہی کیفیت ہے، صوبائی کابینہ سے لیکر بلند منصبوں پر بیٹھنے والے اشرافیہ سب جاگنے کے باوجود سو رہے ہیں، آپ چیئرمین صاحب ایک بلند آئینی منصب پر بیٹھے ہیں، میں چیئرمین سینیٹ اور وزیراعظم پاکستان سے اپیل کرتا ہوں کہ حیات بلوچ کے خاندان کو انصاف ملنا چاہیے جو اہلکار اس جرم میں ملوث انہیں سزا ملنی چاہیے۔

شال بقیہ 8

ہوئی لیکن آج ایک بار پھر پنجاب کی سیاسی جماعتیں اور عوام بلوچ پشتون عوام کے قتل عام پر خاموش ہیں فلسطین فلسطینی عوام کا ہے، اسرائیل کو تسلیم کرنے کیلئے مشاورت کی جارہی ہے، عوام کسی صورت اس کے حق میں نہیں ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سینیٹر عثمان کاکڑ نے کہا کہ ملک کی سیاسی صورتحال آئین وقانون کی بالادستی، خارجہ وداخلہ پالیسی، معاشی پالیسی، امن وامان، فیڈریٹنگ یونٹ اور فیڈریشن کے درمیان تعلقات سے وابستہ ہے، ملک میں صوبوں اور مرکز کے تعلقات کے اثرات تمام ملکی صورتحال پر مرتب ہو رہی ہے مرکز مسلسل صوبوں میں مداخلت اور حق تلفی کر رہی ہے، مرکز ایسے فیصلے کر رہے ہیں جس کا صوبوں کو علم بھی نہیں حالانکہ ہمارا آئین اور قانون اس کا اجازت نہیں دیتا، فاٹا، خیبر پشتونخوا، بلوچستان، سندھ ہو اس کے حالات سے سب باخبر ہے، ملک کی بنیاد فیڈریٹنگ یونٹ ہے بدقسمتی سے انگریز نے یہاں پر تقسیم کی تھی صوبوں کے حوالے سے خاص کر پشتونوں کو تقسیم کیا گیا 73 سالوں میں کسی حکومت کو خدا نے یہ توفیق نہیں دی کہ پشتونوں کو متحد وصوبہ چاہے وہ بلوچستان کے پشتون، خیبر پشتونخوا ہو یا میاں نواز کے کوئٹہ معاشی ودیگر حوالے سے ایک کریں۔

شال بقیہ 9

خرچ نہیں کیئے اور وفاق نے واپس لے لیئے انہوں نے کہا کہ اس طرح کے باتوں سے حکومت کو بدنام اور ہماری کارکردگی کو زیرو کرنے کی سازش کی جارہی ہے لیکن ہماری کارکردگی کو عوام دیکھ رہی ہے اور وہ حکومت کی پندرہ ماہ کی مثالی کارکردگی سے مطمئن اور خوش ہیں۔

شال بقیہ 10

اسپیکر نے جاری کیے؟۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اور قائد حزب اختلاف دونوں کو ایوان میں زیادہ آنا چاہیے، پارلیمان چلے گا تو جمہوریت چلے گی، عوامی مسائل حل ہوں گے، اپوزیشن کو ہمیشہ زیادہ وقت دیا لیکن پھر بھی حکومت ناراض تو بھی اپوزیشن کو شکوہ رہتا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ یہ سال قانون سازی کا سال ہوگا، پرائیویٹ بلز کے معاملے پر جلد کمیٹی نوٹیفائی کردی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کو وزیراعظم کا اعتماد حاصل ہے، وزیراعلیٰ پنجاب ڈیلیور کریں گے، اراکین قومی اسمبلی نے عثمان بزدار کو حلقوں کے مسائل سے آگاہ کیا ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ اس ملک کا سب سے بڑا مسئلہ معیشت کا تھا، ملک معاشی طور پر مستحکم ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دن قریب آگیا ہے جب افغانستان میں امن ہوگا، ہم چاہتے ہیں افغان عوام اپنے فیصلے خود کریں۔

شال بقیہ 11

سنٹر آف ایکسیلنس میں منعقدہ 53 ویں کمپوزٹ کمانڈرز کورس کی گریجویشن تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ ائیر چیف مارشل مجاہد انور خان نے اس تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ پاک فضائیہ نے کہا کہ "عصر حاضر میں درپیش چیلنجز اور ان سے منسلک حکمت عملی سے اچھی طرح آگاہ ہو کر ہی ہم پاک فضائیہ میں بہترین عسکری تربیت کے حصول کو ممکن بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیشہ ورانہ مہارت اور سچی لگن کے ساتھ ساتھ بہترین نظم وضبط اور کامریڈ شپ پاک فضائیہ کے نصب العین کی موثر تکمیل کے لیے ضروری ہیں۔ سربراہ پاک فضائیہ نے گریجویٹ ہونے والے افسران میں اسناد اور انعامات تقسیم کیے۔ کمپوزٹ پائلٹس میں بہترین کارکردگی کی چیف آف دی ائیر سٹاف ٹرافی اسکواڈرن لیڈر محمد شفاعت نے حاصل کی جبکہ کمپوزٹ کنٹرولرز میں بہترین کارکردگی کی ائیر آفیسر کمانڈنگ ائیر ڈیفنس کمانڈ ٹرافی اسکواڈرن لیڈر جولیس جوزف نے حاصل کی۔ پرنسپل اسٹاف آفیسرز اور فیلڈ کمانڈرز کی ایک بڑی تعداد نے تقریب میں شرکت کی۔

شال بقیہ 12

میں حکومت کی نمایاں کامیابیوں کا ذکر کیا گیا، معاشی اور سفارتی کامیابیوں پر کابینہ میں تفصیلی بات چیت کی گئی۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے سفارتی کامیابیوں سے آگاہ کیا۔ بھارت سمیت خطے میں جاری اہم معاملات پر روشنی ڈالی۔ وفاقی وزیر اسد عمر نے ملکی ترقی کیلئے حکومتی منصوبہ بندی سے آگاہ کیا اور کہا کہ وزیراعظم کی کامیاب حکمت عملی سے کورونا پر قابو پایا، وزیراعظم کریز پر سیٹل ہو چکے ہیں اب کپتانی کھیلیں گے۔ مراد سعید نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں معیشت کو نئی ڈائریکشن مل گئی، وزیراعظم عمران خان عالم اسلام کے نئے لیڈر ہیں۔ فیصل واوڈا نے وزیراعظم کو بھاشا ڈیم کی تعمیر شروع ہونے پر پر مبارکباد دی، شیخ رشید نے ایم ایل ون منصوبہ عمران خان کی بڑی کامیابی قرار دیا۔

شال بقیہ 13

میں یکسر ناکام رہی ہے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، امان اللہ کنرانی نے کہا کہ عمران خان کی قیادت میں پی ٹی آئی کی مخلوط حکومت دو سال میں کسی بھی شعبے میں کارکردگی دکھانے میں ناکام رہی ہے، پی ٹی آئی نے اقتدار میں آنے سے پہلے عوام سے جو وعدے کئے ان میں سے کسی ایک پر بھی عملدرآمد نہیں ہوا، انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک میں گڈ گورننس کے قیام عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، اشیاء ضروری کی قیمتوں کو قابو کرنے میں یکسر ناکام رہی ہے، دو سالوں کے دوران آئی ایم ایف کی پالیسیوں کی وجہ سے ملک کو بہت نقصان پہنچا ہے روپے کی قدر میں کمی آئی ہے جبکہ عوام کو بھی کسی قسم کا ریلیف نہیں مل رہا، انہوں نے کہا کہ حکومت نے الیکشن سے قبل ملک سے لوٹی ہوئی رقم واپس لانے کا دعویٰ کیا تھا مگر آج تک اس حوالے سے کوئی پیش رفت نہیں ہوسکی پی ٹی آئی نے ملک میں سول اتھارٹی پر سمجھوتہ کیا ہے جبکہ ریٹائرڈ ججز اور جرنلوں کی بھی تعیناتیاں کی بھی مختلف اہم عہدوں پر تعیناتیاں جاری ہیں۔

شال بقیہ 14

بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی اچکزئی سید عبدالقیوم آغا میر یاسین مینگل شاہ رضا حسن آغا نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن وامان اور شہر کا امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ایڈیشنل آئی پی پولیس کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ اور دیگر سیکورٹی فورسز کی کارکردگی قابل تعریف ہے اور مرکزی انجمن تاجران بلوچستان نے امن وامان کا جو کردار ادا کیا ہے اور مرکزی انجمن تاجران بلوچستان فورسز اور پولیس کے ساتھ مل کر محرم الحرام کیا یکم محرم سے دسواں محرم تک پولیس ایف سی اور انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کرے گا اور دکانوں کو سیلنگ کے ساتھ مل کر آخری ایام تک تعاون کرے گا پولیس اور ایف سی اور انتظامیہ نے جس قدر انتظامات کیے ہے ہم ان کے کام سے مطمئن ہے اور ہم عوام الناس سے اس اجلاس کے توسط اپیل کرتے ہیں کے پولیس اور ایف سی سے مکمل تعاون کریں تاکہ امن وامان برقرار رہے گا اور 22 تاریخ کو پانچ بجے دینی بال خدا ئیدا روڈ پر محرم الحرام اور امن وامان کے حوالے سے کانفرنس ہوگا جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایف سی انتظامیہ اور پولیس کے اعلیٰ حکام شرکت کریں گے۔

شال بقیہ 15

کہ کشمیر کا سفیر بن کر مودی اور امیت شاہ کے ظلم وبربریت کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرونگا، بھارتی مظالم اور انسانیت کے خلاف جرائم کو بے نقاب کرنے کیلئے وزیراعظم نے دنیا بھر میں وفود بھیجنے کا وعدہ کیا تھا، وزیراعظم مودی سوچ سمجھے منصوبے کے تحت کشمیر میں مسلمانوں کی اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنا چاہتا ہے، سینیٹر رحمان ملک نے کہا کہ وزیراعظم مودی نے کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کی اور ڈومیسائل قانون میں ترمیم کیے، مسلم اکثریت ختم کرنے کیلئے وادی کشمیر میں آر ایس ایس اور ہندو انتہا پسندوں کی آبادکاری کی جارہی ہے، پچھلے سال کے پانچ اگست سے کشمیر میں مسلسل کرفیو لگایا گیا ہے، بھارتی افواج نے بغیر کسی جواز کے ہزاروں کشمیری نوجوانوں کی اغواء کیا گیا ہے، باعث تشویش ہے کہ بھارت کی کسی بھی اقدام کیخلاف حکومت اب تک اقوام متحدہ و عالمی عدالت انصاف میں نہیں گیا۔

شال بقیہ 16

کیسز نمٹائے گئے جبکہ قومی کمیشن نے 30 جولائی تک 4616 مجموعی لاپتہ افراد کے کیسز نمٹا دیے ہیں اور اس وقت لاپتہ افراد کی تعداد 2113 ہے۔ لاپتہ افراد کیلئے قائم قومی کمیشن نے زیر تفتیش کیسز کی سماعتیں کی ہیں۔ لاپتہ افراد کے اہل خانہ سے ملاقاتوں کے لئے کمیشن کے کوئٹہ اور لاہور کے دوروں کا پروگرام ہے۔ واضح رہے کہ کمیشن کو 876 مقدمات اقوام متحدہ کے جبری طور پر لاپتہ ورکنگ گروپ جنیوا کی جانب سے بھیجے گئے ہیں جن میں 256 کی انویسٹی گیشن جاری ہے۔ متعدد مقدمات کی تفتیش ہوئی ہے۔ 30 جولائی 2020 تک 4616 لاپتہ افراد کے کیسز نمٹائے گئے اور فیملیز کا موقف ذاتی طور پر سنا گیا جلد از جلد بازیابی کے لئے کوششیں کی گئیں۔

شال بقیہ 17

کی پوسٹوں میں عمر کی حد 30 سال رکھی گئی ہے جو کے لیسلیے کے بے روزگار نوجوانوں کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے اور ان کا مذید کہنا ہے کہ تمام سرکاری محکموں میں عمر کی حد 45 سال تک ہے جو لیویز فورس میں کم از کم 35 سال تک ہونی چاہیے۔ کیوں کہ کافی عرصے سے پوسٹیں نہ آنے سے نوجوانوں کی عمر 30 سال سے اوپر ہوگئی ہے۔ بے روزگار نوجوانوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیہ لیویز فورس کی اسامیوں میں عمر کی حد 30 سے بڑھا کر 35 کرکے نوجوانوں پر احسان عظیم کریں گے۔

شال بقیہ 18

ڈاؤن، کیا یہ سب پھر کرنے دیا جاسکتا ہے، بنی گالہ کا خرچا کہاں سے آیا، ایک کروڑ نوکری کہاں گئی، پچاس لاکھ گھر کہاں گئے، جس پارٹی نے مشرف کا سامنا کیا ہو وہ اس طرح کی فاشسٹ حکومت سے نہیں ڈرتی، ذلیل اگر کرنی ہوتی تو نواز شریف مریم نواز کے ساتھ واپس نہیں آتے، نواز شریف جلد اپنا علاج مکمل کرا کر واپس آجائیں گے۔ منگل کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صبح پھول لگا کر پی ٹی ڈی میں جس کارکردگی کا مظاہرہ کیا گیا وہ ناکام ہے، جھوٹ بولنے کی مقدار وزرا کی انتہائی زیادہ تھی۔

شال بقیہ 19

ہاشم، غلام محمد ولد شیخ محمد، بی بی زوجہ غلام محمد اور اسکا چار سالہ بیٹا غلام رسول موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے جبکہ پراڈو گاڑی میں سوار پاکستان کوسٹ گارڈز کے اہلکار جمعہ خان، شہزاد ولد فاروق، امتیاز ولد ذوالفقار علی، افضل ولد محمد یار اور ایک شہری عبدالغفور ولد اللہ بخش آچرہ شدید زخمی ہوگئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایدھی ایمبولینس موقع پر پہنچ گئیں اور نعشوں وزخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل پہنچایا جہاں پر ضروری کاروائی کے بعد نعشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں جبکہ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی منتقل کردیا گیا، اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کوسٹ گارڈز کی گاڑی کے رفتار انتہائی تیز تھی جس بناء پر حادثہ پیش آگیا، اوتھل پولیس واقعے کی مزید تفتیش کر رہی ہے۔

شال بقیہ 20

لاکھ روپے منظور کر لیے گئے تھے جس کا نٹڈ نوٹس 25 جون کو جاری کر دیئے گئے 27 جون کو ورک آڈرز اور 29 جون کو مکمل اسکیم کے رقم کو ٹھیکے داروں نے نکال لیا جبکہ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس اسکیم کا زمین پر ایک اینٹ تک نہیں رکھا گیا ہے اس اسکیم کے لیے ٹوٹل پانچ لوڈ بجری اور چند بوری سمنٹ لا کر رکھے گئے ہیں لیکن علاقہ مکین اور زائرین تاحال پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان ممبر صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ مری و دیگر اعلیٰ حکومتی عہدیداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ملوث اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائے تاکہ ضلع میں جاری ترقی کا سفر روک نہ سکے۔

شال بقیہ 21

میڈیا پر سردار نور احمد مینگل کی سے متعلق خبروں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ سردار نور احمد مینگل کو پارٹی عہدے سے ہٹانے سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کی تردید کرتے ہوئے ان کو مسترد کرتے ہیں سردار نور احمد مینگل نے اپنے عہدے پر فائز ہے، انہوں نے پارٹی کارکنوں کو ہدایت کی کہ پارٹی کارکنوں کو غلط پروپیگنڈہ کی بی وی اور قبول کرنے سے گریز کریں، سردار نور ایک محنتی پارٹی کارکن ہیں جو پارٹی کے لئے دن رات محنت کر رہے ہیں۔ بلوچستان عوامی پارٹی اپنے کارکنوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے کیونکہ کارکن کسی بھی سیاسی جماعت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پارٹی کو مزید فعال کرنے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

شال بقیہ 22

نئے آغاز سے شروع ہوکر بسیمہ کے مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے مین چوک پر جلسے کی شکل اختیار کرلی مظاہرے کے شرکاء نے ہاتھ میں پلے کارڈز اٹھائے ہوئے تھے جس پر ایم پی اے واشک کیخلاف نعرے درج تھے اور مظاہرین نے ایم پی اے واشک اور اس کے ٹیم کیخلاف شدید نعرہ بازی کرتے رہیں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان عوامی پارٹی کے تحصیل آرگنائزر میر محمد ایوب عیسیٰ زئی نے ڈسٹرکٹ کے آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبر میر محمد اسماعیل سالانی، بلوچستان عوامی پارٹی کے تحصیلی ترجمان گلفام شبیر عیسیٰ زئی، صفدر احمد محمد حسنی، بی اے پی یوتھ ونگ کے صدر فضل نازحسنی نے خطاب کرتے ہوئے تگ میں واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کیا برطرف تحصیلدار اکرم سیاپاد اور لیویز اہلکاروں کو فوراً بحال کر کے ایم پی اے کیخلاف ایف آئی آر درج کرنے کا مطالبہ کیا گیا انہوں نے ناگ چیک پوسٹ پر لیویز اہلکاروں پر تشدد کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایم پی اے اور اس کے اتحادی مکمل علاقے کی حالات جان بوجھ کر خراب کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 23

حکومت الیکشن ریفارمز، معیشت کی بہتری، بے روزگاری کے خاتمہ اور احتساب کے وعدوں میں سے کوئی ایک بھی پورا نہیں کرسکی، تعلیم، صحت، صنعت و تجارت اور زراعت ہر شعبہ بدحالی کا شکار ہے، حکومت نے خرابیوں کو دور کرنے کی بجائے ان میں اضافہ کردیا ہے۔ معیشت کا پہیہ الٹا گھوم رہا ہے اور ملکی ترقی رک گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینیٹ اجلاس میں شرکت کے بعد پارلیمنٹ کے سامنے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ اپوزیشن کی دونوں بڑی پارٹیاں آنکھیں بند کر کے حکومت کا ساتھ دے رہی ہیں۔ آج تک کسی قانون سازی سے پہلے اپوزیشن کا مشترکہ اجلاس نہیں ہوا جس میں عوام کے مسائل پر غور کیا گیا ہو۔ حکومت کے کسی بل پر بھی اپوزیشن نے اجتماعی سوچ اور شعور کے تحت فیصلہ نہیں کیا اور نہ ہی عوام کی مشکلات کو کم کرنے کے بارے میں سوچا گیا۔ انہوں نے کہا کہ قانون ساز اداروں میں بیٹھ کر ملک وقوم کے بارے میں سوچنے کی بجائے امریکہ، اقوام متحدہ، آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کی پسند وناپسند کو سامنے رکھ کر قانون سازی کرنا دہری غلامی ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔

شال بقیہ 24

ناکر رہے، ضلع بھر میں پولیو مہم کامیابی کے ساتھ جاری ہے، محکمہ صحت کے رضا کار جانفشانی کے ساتھ گھر گھر جا کر پانچ سال تک تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلا رہے ہیں، تاہم کہیں بھی کسی کی کمی کی صورت میں شہری ہمیں فوراً اطلاع کریں تاکہ کوئی بھی بچہ مہم سے رہ نہ جائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جاری پولیو مہم کا جائزہ لینے کے سلسلے میں نواحی علاقوں موسیٰ گدر جیوا اور لاکھوریان میں والدین اور علاقائی نمائندین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر ڈپٹی ہیلتھ آفیسر سوراب ڈاکٹر بشیر احمد مینگل ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال سوراب ڈاکٹر عبدالحمید لیڈی ہیلتھ وزیٹر یونین کے عہدیدار محمد اکبر بھی ان کے ہمراہ تھے، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اسلم بلوچ نے پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا اور انہیں مزید ذمہ داری کے ساتھ مہم کامیابی سے ہمکنار کرنے کی تاکید کی، واضح رہے کہ حالیہ پولیو مہم صوبے کے دیگر علاقوں کی طرح ضلع سوراب میں بھی کرونا وائرس کے پیش نظر حفاظتی تدابیر کے ساتھ جاری ہے محکمہ صحت کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کے تحت پولیو رضا کار ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 25

کے مطابق کھڈ کوچہ کے علاقے میں ماشاء اللہ ہوٹل کے قریب مسلح موٹر سائیکل سوار افراد نے ایک موٹر سائیکل پر سوار بخت علی ولد مدد علی پر فائرنگ کردی جس سے وہ موقع پر جاں بحق ہوا لاش کو شہید نواب نوٹ بخش ریجنل ہسپتال منتقل کردیا مزید کاروائی کھڈ کوچہ لیویز کر رہی ہیں۔

شال بقیہ 26

چار افراد کو گرفتار، لیویز ذرائع کے مطابق منگل لیویز فورس پشین کے علاقے ابراہیم زئی کے مقام پر کاروائی کرتے ہوئے گزشتہ روز پولیو اہلکار سے موٹر سائیکل چھیننے کے دوران فائرنگ کرنے کے شبے میں چار افراد کو گرفتار کرلیا اور انکے قبضے سے اسلحہ برآمد کر کے مزید تفتیش کے لئے لیویز تھانہ منتقل کردیا۔

شال بقیہ 27

کردی۔ منگل کو بلوچستان حکومت نے ایک اور نوٹیفکیشن جاری کیا جس میں سول سیکرٹریٹ اور دیگر دفاتر میں داخلے کے لئے فیس ماسک پہننے کے لازمی قرار دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ سرد موسز اور جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری کردہ ایک نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ، ماسک کے بغیر داخلہ ممنوع ہے۔ صوبائی حکومت نے یہ فیصلہ صوبے میں نوول کورونا وائرس کی کیسوں کی تعداد میں اضافے کے بعد کیا گیا ہے۔ مہلک وائرس کے معاملات روزانہ ایک درجن سے بڑھ کر 80 تک پہنچ گئے ہیں۔ جس سے حکومتی حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہیں۔ تمام انتظامی سیکرٹریوں، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے دفاتر میں داخلے کے لئے ماسک پہننے پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ عہدیداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ معیاری آپریٹنگ طریقہ کار پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائے جس میں ماسک پہننا، سینیٹائزر استعمال کرنا اور کورونا وائرس پر قابو پانے کے لئے معاشرتی دوری کی پیروی کرنا ہے۔ بلوچستان میں اب تک نوول کورونویرس کے 321·12 معاملات کی تصدیق ہوچکی ہے۔

شال بقیہ 28

پانچ افراد جاں بحق چار زخمی ریسکیو ذرائع کے مطابق بدھ کے روز لسبیلہ میں قومی شاہراہ پر اوتھل کے قریب لنڈا پل کے مقام پر تیز رفتار پراڈو گاڑی اور دو موٹر سائیکلوں میں المناک تصادم کے نتیجے میں ایک بچہ سمیت پانچ افراد جاں بحق ہوگئے جبکہ چار زخمی ہوگئے زخمی میں پاکستان کوسٹ گارڈز کے اہلکار بتائے جارہے ہیں جو پراڈو گاڑی میں جارہے تھے جبکہ جاں بحق افراد کا تعلق ایک خاندان سے بتایا جارہا ہے حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا۔

شال بقیہ 29

ایکسپورٹ کی اجازت بھی دے دی۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ پی پی ای کی فہرست میں یہ آخ

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے تحریک انصاف کے صوبائی رہنما نواب خان دمڑ ملاقات کر رہے ہیں

امن وامان برقرار رکھنا اور سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات حکومت کی ذمہ داری ہے، کاشف حیدری

عزاداری حضرت امام حسین علیہ سلام ہماری شہ رگ حیات ہے جس پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، سماجی کارکن

کوئٹہ (این این آئی) ہزارہ ٹاؤن کے سماجی کارکن کاشف حیدری نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران امام بارگاہوں، مجالس اور جلوسوں میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے جائیں۔ عزاداری سید الشہداء کے لیئے پانیاں مجالس اور عزاداروں سے مکمل تعاون کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ عزاداری سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ سلام ہماری شہ رگ حیات تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

کسی قوم کا مستقبل نوجوانوں سے جڑا ہوا ہے، بلوچستان نیشنل پارٹی

نوجوان قوم وملک کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں نوجوانوں کو چاہیے کہ طلباء سیاست میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں

کوہلو (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی دفتر کوہلو میں بی این او کے تنظیم سازی کا پروگرام منعقد ہوا جس میں بی این او کے مرکزی جنرل سیکرٹری منیر جالب بلوچ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری شوکت بلوچ مرکزی رہنما بی این او جہانگیر بلوچ نے شرکت کیا کوہلو میں بی این او کا آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دیا گیا کوہلو میں بی این او کوہلو آرگنائزنگ کمیٹی کا بینہ تشکیل دیا گیا ضلعی آرگنائزر سفر خان مری، ڈپٹی آرگنائزر ثنا مائلہ مری آرگنائزر کمیٹی کے ممبر جمال خان مری بی این او کے ممبروں نے کثیر تعداد میں شرکت کیا اس موقع پر بی این او کے مرکزی جنرل سیکرٹری منیر جالب بلوچ نے طلباء کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسی قوم کا مستقبل نوجوانوں سے جڑا ہوا ہے نوجوان قوم وملک کا سب سے قیمتی سرمایہ تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

مجاہد ختم نبوت غازی خالد کو جلد از جلد رہا کر دیا جائے، حافظ حبیب اللہ

ناڑا صاحب (پ ر) جمعیت طلباء اسلام ضلع پشین کے حافظ حبیب اللہ جنرل سیکرٹری محی الدین غرشین پریس سیکرٹری محمد یوسف نوانی تحصیل کاریزات نائب صدر خدا نور تخلص ناڑا صاحب نائب صدر حمید الدین خاکسار عبدالرحیم عادل تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

ایف سی بلوچستان ساوتھ نے 63 افراد کی اسمگلنگ ناکام بنادی

خاران (این این آئی) ایف سی بلوچستان ساوتھ نے 63 افراد کی اسمگلنگ ناکام بنادی تفصیلات کے مطابق ایف سی بلوچستان ساوتھ نے خاران ایف سی چیک پوسٹ گروک سے تین مختلف بسوں میں سوار 63 افراد کو باہر اسمگلنگ کرنے کی کوشش کو ناکام بنا دیا جنہیں مختلف گروہوں کے ایجنٹوں کے ذریعے باہر اسمگلنگ کیا جارہا تھا کہ تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

محرم الحرام میں کسی کو بھی اسلحہ کی نمائش کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، آئی جی ایف سی

اتحاد بین المسلمین، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور یکجہتی کے سلسلے میں تمام مکتبہ فکر ایک دوسرے کا بھر ساتھ دیں

شرپسند و اشتعال انگیز عناصر کی نشاندہی پر انکے خلاف بلاخوف و امتیاز کاروائی عمل میں لائی جائیگی، فیاض حسین شاہ

کوئٹہ جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ حافظ حسین احمد کی والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان میجر جنرل فیاض حسین شاہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران تمام مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد بین المسلمین ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لئے اپنا کردار ادا کریں، شرپسند و اشتعال انگیز عناصر کی نشاندہی پر انکے خلاف بلاخوف و امتیاز کاروائی عمل میں لائی جائیگی، یہ بات انہوں نے منگل کو محرم الحرام کی سیکورٹی کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان میجر جنرل فیاض حسین شاہ کی زیر صدارت محرم الحرام کی سیکورٹی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں شیعہ وسنی مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام وایف تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر

ایم پی اے واشک حاجی میر ذابد علی ریکی واشک کے عوام کے دلوں کی دھڑکن ہے، ترجمان جمعیت علماء اسلام خاران

خاران (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل خاران کے ترجمان نے اپنے ایک بیان میں ناگ سہراب چیک پوسٹ کے قریب نائب تحصیلدار واشک اور لیویز اہلکاروں کا ایم پی اے واشک و رہنما جمعیت علماء اسلام حاجی میر ذابد علی ریکی کی گاڑی پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

سیاسی جماعتیں مجھے عوامی خدمت کرنے پر انتقامی کارروائی کا نشانہ بنا رہے ہیں، میر دوران خان کھوسہ

تمبر دین (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے رہنما میر دوران خان کھوسہ نے متحدہ اپوزیشن کے رہنماؤں کے ہمراہ مقامی ہوٹل میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز بنیاد سنجری تھانہ کے ایس ایچ او نے بعد نفری مجھے اور میرے تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

پاکستانی حکمران چمن باب دوستی کو دونوں اطراف آنے جانیوالوں کیلئے بلا تفریق طرز پر ادرفت کیلئے کھول دیا، عبدالستار شاہ وچنی

اب تک حکومت کے باب دوستی بند کرنے کے فیصلے سے نفرتوں میں اضافہ اور حالات بہت گمبیر ہو چکا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ وچنی تحصیل چمن امیر حاجی فیض اللہ صوبائی سالار عبدالولی سالار مولانا احمد خان مفتی زین العابدین ودیگر نے کہا کہ پاکستانی حکمران چمن باب دوستی کو دونوں اطراف آنے جانیوالوں کیلئے بلا تفریق طرز پر ادرفت کیلئے کھول دیا اب تک حکومت کے باب دوستی بند کرنیکی تفصیل نمبر 61 صفحہ 3 پر

خضدار کوشک ندی میں ایک معصوم بچی کی لاوارث لاش ملنے اطلاع

خضدار (نامہ نگار) خضدار کوشک ندی میں ایک معصوم بچی کی لاوارث لاش ملنے اطلاع ملی تفتیشی صحافی موقع پر پہنچ کر انتظامیہ کو اطلاع دیا لیویز فورس فوراً جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ لیویز فورس نے پولیس کو کال کی پولیس نے یہ کہہ کر جان تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں فورسز کے ہاتھوں تشدد قتل وغارت روز کا معمول بن چکا ہے، جمعیت علماء اسلام

حیات بلوچ کو گرفتاری اور بعد اسے تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور گولیاں چلائی گئیں جو کہ بدترین ظلم ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی پریس ریلیز میں کراچی یونیورسٹی کے طالب علم حیات بلوچ کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس قسم کے اندوہناک مظالم سے معاشرے نفرت کا شکار ہو کر ٹوٹ جاتے ہیں اس حوالے سے فورسز کی نتیجے عوام پر فائرنگ قابل مذمت ہے اس قسم کی بے احتیاطی نے بلوچستان کو سنگین مسائل سے دوچار کر دیا ہے حیات بلوچ کو گرفتاری اور بعد اسے تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور گولیاں چلائی گئیں جو کہ بدترین ظلم ہے۔

بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے الیکشن کا اعلان اچھا اقدام ہے، میر شاہ جہان رئیسانی

مستونگ (این این آئی) بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے سینئر رہنما میر شاہ جہان رئیسانی نے اپنے ایک بیان میں گزشتہ روز سابق صدر واس کے کابینہ کے طرف سے پریس کانفرنس میں سابقہ کابینہ کو تحلیل کرنے کے اعلان کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر یہ اعلان آئین وقانون کے مطابق مقررہ وقت پر ہوتا تو بہت اچھا ہوتا، خیر دیر آید درست آید۔ انھوں نے مزید بیان کرتے ہوئے کہا کہ آٹھ سالہ دور اقتدار گزرنے تفصیل نمبر 64 صفحہ 3 پر

9 لاکھ درندہ صفت افواج نے کشمیریوں سے زندہ رہنے کا حق چھین لیا ہے، سردار عتیق احمد خان

ہندوستان کی طرف سے سیز فائر لائن کی خلاف ورزی میں اضافہ ہو رہا ہے

کشمیر کے مظلوم مسلمان ہندوستان کی بدترین جارحیت کا شکار ہے

دھیر کوٹ مظفر آباد (این این آئی) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے قائد وسابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں ہندوستانی دہشت گردی عروج پر ہے اس طرح ہندوستان کی طرف سے سیز فائر لائن کی خلاف ورزی میں اضافہ ہو رہا ہے، اس ساری صورتحال میں ہندوستان کا کردار چیرہ دستی کی سطح پر بھی بے نقاب ہو چکا ہے ان خیالات کا اظہار انھوں نے گزشتہ روز دھیر کوٹ میں اپنے سٹاف افسر راجہ عبدالجبار خان کی طرف سے دیئے گئے عشائیے میں آئے مہمانوں تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر

سوشل میڈیا کی اہمیت سے کسی صورت انکار نہیں کیا جاسکتا، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ (ن) سوشل میڈیا ونگ نے نوجوانوں سمیت ملک بھر کی عوام کو آگاہی فراہم کرنے کیلئے جو مثبت کردار ادا کیا ہے وہ لائق تحسین ہے

نوجوانوں کو سوشل میڈیا کے ذریعے سیاسی طور پر منظم کرنے کا کریڈٹ پارٹی کی نائب صدر مریم نواز شریف کو جاتا ہے، صوبائی جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ن بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق انجینئر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ دور حاضر میں سوشل میڈیا کی اہمیت سے کسی صورت انکار نہیں کیا جاسکتا مسلم لیگ (ن) سوشل میڈیا ونگ نے نوجوانوں سمیت ملک بھر کی عوام کو آگاہی فراہم کرنے کیلئے جو مثبت کردار ادا کیا ہے وہ لائق تحسین ہے نوجوانوں کو سوشل میڈیا کے ذریعے سیاسی طور پر منظم کرنے تفصیل نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ بزنس کمیونٹی کے معتبرین دوالا رخان حبیب اللہ محمد یوسف میجر علی احمد جان ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وسال میں آٹے کی فی کلو اوسط قیمت میں 12 روپے اضافہ ہوا، ادارہ شماریات

اسلام آباد (این این آئی) ادارہ شماریات نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ دو سال میں آٹے کی فی کلو اوسط قیمت میں 12 روپے اضافہ ہوا جس سے آٹے کے 20 کلو تھیلے کی اوسط قیمت میں 331 روپے کا اضافہ ہوا جبکہ 2 سال میں چینی تفصیل نمبر 69 صفحہ 3 پر

حکومت سندھ کی بلدیاتی اداروں میں نیلامی پر پابندی عائد

کراچی (این این آئی) حکومت سندھ کے محکمہ بلدیات نے تمام بلدیاتی اداروں میں نیلامی پر پابندی عائد کردی۔ محکمہ بلدیات سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق تفصیل نمبر 34 صفحہ 3 پر

پرامن مترقی اور جمہوری افغانستان نہ صرف افغان عوام بلکہ پورے خطے کے حق میں ہے، عوامی نیشنل پارٹی

خطے کا اہم اور خودمختار ملک ہونے کے ناطے افغانستان میں قیام امن وقت کی اولین ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں افغانستان کے 101 ویں یوم استقلال پر افغان عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پر امن مترقی اور جمہوری افغانستان نہ صرف افغان عوام بلکہ پورے خطے کے حق میں ہے امید ہے کہ پوری دنیا افغانستان کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بناتے ہوئے افغانستان کے داخلی امور میں کسی قسم کی دخل اندازی نہیں کرے گی۔ عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی دفتر باچا خان مرکز سے جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا ہے کہ 19 اگست 1919 کو تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے اکثر اضلاع میں پولیو مہم شروع ہو چکی ہے، مولانا شفیق دولت زئی

عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں اور پولیو عملے کے ساتھ بھرپور تعاون و مدد کریں

کوئٹہ (این این آئی) ممبر صوبائی زکوٰۃ کونسل حکومت بلوچستان مولانا محمد شفیق دولت نے کہا ہے کہ بلوچستان کے اکثر اضلاع میں پولیو مہم شروع ہو چکی ہے عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں اور پولیو عملے کے ساتھ بھرپور تعاون و مدد کریں کیونکہ پولیو لاعلاج مرض بیماری ہے جبکہ تمام علماء اسلام بشمول پاکستانی شائخ، عالم دین خطباء بزرگان دین نے پولیو مہم کو تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی کی عوام کو کسی صورت مصنوعی مہنگائی کی چکی میں پسنے نہیں دیا جائے گا، صدیقہ جمالی

عوام کو حکومت کی جانب سے ملنے والی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

کوئٹہ (ش ن) اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی صدیقہ جمالی نے کہا ہے کہ ڈیرہ مراد جمالی کی عوام کو کسی صورت مصنوعی مہنگائی کی چکی میں پسنے نہیں دیا جائے گا عوام کو حکومت کی جانب سے ملنے والی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں گراں فروش ایک ناسور ہیں جو اپنے مفادات کی خاطر غریبوں کا گلہ گھونٹے پر تلے ہوئے ہیں مگر انتظامیہ ان کے خلاف کڑا ایکشن لے رہی ہے خود ساختہ مہنگائی برپا کرنے والوں کے تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

ضروری مرمت کے سلسلے میں 20 اگست کو صبح گیارہ بجے سے شام پانچ بجے تک گیس کی ترسیل بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق ضروری مرمت کے سلسلے میں مورخہ 20 اگست بروز جمعرات صبح گیارہ بجے سے شام پانچ بجے تک سریاب روڈ، مشرقی بائی پاس، مغربی بائی پاس، بروری روڈ، کلی روڈ اور ان سے متعلقہ علاقوں کو گیس کی تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

عبدالستار روڈ کے دونوں اطراف موٹر سائیکل کی لمبی قطاروں میں پارکنگ کا نوٹس لیا جائے، سردار جبار خلجی

ٹریفک کی روانی بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہے ایس پی ٹریفک نذیر کرد فوری اسکا نوٹس لیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صراف ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار جبار خان خلجی سرپرست اعلیٰ حاجی علی محمد صراف، صدر عبدالہادی صراف، سینئر نائب صدر مرید ندیم شاہوانی صراف، جنرل سیکرٹری علی رضا صراف اور پریس سیکرٹری صاحبزادہ صراف نے کہا ہے عبدالستار روڈ پر سڑک تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

الاسکا میں تیل کی تلاش کے متنازعہ منصوبے کو حتمی شکل دے دی گئی

کھدائی کے لائسنسوں کی نیلامی سال رواں کے آخر تک مکمل ہو جائے گی، امریکی وزیر داخلہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکومت نے الاسکا کے شمال مشرق میں قطب شمالی کے ایک محفوظ قرار دیے گئے قدرتی علاقے میں تیل کی تلاش کے ایک متنازعہ منصوبے کو حتمی شکل دے دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی وزیر داخلہ ڈیوڈ برن ہارڈ نے کہا کہ اس مقصد کے تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

پسنی سول سوسائٹی کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے طالب علم حیات کے لواحقین کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے مطالبات پر عمل درآمد نہ ہونے پر 23 اگست کو انتخابیہ کے خلاف مظاہرہ اور جلسہ منعقد کیا جائے گا

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین سردار رفیق شیر بلوچ کی سربراہی میں کابینہ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

دالبندین (این این آئی) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے مطالبات پر عمل درآمد نہ ہونے پر 23 اگست کو انتخابیہ کے خلاف مظاہرہ اور جلسہ منعقد کیا جائے گا آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین سردار رفیق شیر بلوچ کی سربراہی میں کابینہ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کو قیام عمل میں لانے کا مقصد چاغی کے عوامی مسائل کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنا ہے آل پارٹیز نے گزشتہ ایک مہینے میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر اپنی موقف سے آگاہ کر دیا ہے کہ تفصیل نمبر 56 صفحہ 3 پر

مرکزی جمعیت اہل حدیث اتحاد امت اور خدمت انسانیت پر یقین رکھتی ہے، مولانا محمد زکریا ذاکر

متاثرین زلزلہ بلوچستان کیلئے حکومتی اقدامات مایوس کن ہیں، مولانا حزب اللہ عثمانی

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام مرکزی جامع مسجد غزنویہ اہل حدیث ٹیلی روڈ کوئٹہ میں ضلعی آرگنائزر کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ضلعی امیر مولانا محمد زکریا ذاکر نے کی، ضلعی امیر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کا قیام پاکستان سے لیکر اب تک ملکی سیاست میں ایک مثبت کردار رہا ہے، وطن تفصیل نمبر 59 صفحہ 3 پر

حیات بلوچ کی شہادت بلوچ قوم کیخلاف جاری مظالم کا تسلسل ہے، شکیلہ دہوار

بلوچستان نیشنل پارٹی بلوچستان کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کے نظریہ کو آگے لیکر چل رہی ہے

صوبے میں ہمیشہ جبر، ناانصافیوں کیخلاف آواز بلند کرنے والے سیاسی کارکنوں اور سیاسی شعور رکھنے والے طلباء کو طاقت کے ذریعے کچل دیا جاتا ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کی رکن بلوچستان اسمبلی شکیلہ نوید دہوار نے کہا ہے کہ حیات بلوچ کی شہادت بلوچ قوم کیخلاف جاری مظالم کا تسلسل ہے، یہاں جو لوگ حقوق کی بات کرتے ہیں انہیں طاقت کے ذریعے کچل دیا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں پارٹی کے بانی رہنماء شہید نواب امان اللہ خان زہری کی پہلی برسی کے موقع پر منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مزید تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی سے صوبائی مشیر حاجی محمد خان لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

میونسپل کمیٹی صحبت پور کے موجودہ چیف آفیسر کی مجرمانہ غفلت

عدم دلچسپی اور لاپرواہی نے شہر کو کچرا کنڈی میں تبدیل کر دیا

تمبر دین (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی صحبت پور کے موجودہ چیف آفیسر کی مجرمانہ غفلت، عدم دلچسپی اور لاپرواہی نے شہر کو کچرا کنڈی میں تبدیل کر دیا۔ جگہ جگہ کوڑا کرکٹ اور غلاظت کے ڈھیر سے اٹھنے والے تعفن سے وبائی امراض پھوٹنے کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ میونسپل کمیٹی کی چشم پوشی سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، سڑکوں پر سیوریج کا پانی جمع ہو گیا، تنصیلات کے مطابق صحبت پور کے سیاسی سماجی وعوامی حلقوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے موجودہ چیف آفیسر کی مجرمانہ غفلت اور عدم دلچسپی نے شہر کو کچرا کنڈی میں تبدیل کر دیا ہے، ناقص کارکردگی کے نتیجے میں تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر

بی این پی شہدا کہ فلسفہ کو مشعل راہ سمجھتی ہیں، اقبال میروانی

نواب امان اللہ خان زہری کی شہادت سے بلوچستان ایک دلیر بہادر سیاسی رہنما سے محروم ہو گیا ہیں

لسبیلہ (این این آئی) بی این پی تحصیل وندر کے زیر اہتمام ایک تعزیتی ریفرنس بیاد شہداء زہری وندر میں منعقد ہوا۔ تعزیتی ریفرنس کے مہمان خاص بی این پی لسبیلہ کے ضلعی فنانس سیکریٹری اقبال میروانی تحصیل وندر کے نائب صدر امان اللہ بلوچ تحصیل جنرل سیکرٹری تیتق بلوچ امتیاز میونسپل کمیٹی حمید روغجوں سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا اس موقع پر بی این پی کے رہنما نے شہید امان اللہ خان زہری اور انکے ساتھیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اور انکی قومی تحریک میں خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔ نواب امان اللہ خان زہری کی شہادت سے بلوچستان ایک دلیر بہادر سیاسی رہنما سے محروم ہو گیا ہیں جنکی کمی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میجر (ر) اور تگزیب بادینی محرم الحرام کے سلسلے میں مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلاول بتائیں انہیں دھمکیاں کون دے رہا ہے، ڈاکٹر شاہد صدیق

لاہور (این این آئی) ترجمان پنجاب حکومت وچیئرمین لاہور ٹرانسپورٹ کمیٹی ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ بلاول بتائیں انہیں دھمکیاں کون دے رہا ہے، شریف اور تفصیل نمبر 66 صفحہ 3 پر

نا اہل حکمرانوں نے ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کر کے رکھ دیا

عوام روز بروز کی بڑھتی ہوئی مہنگائی سے تنگ آچکے ہیں، چوہدری برجیس طاہر

نکانہ صاحب (این این آئی) نا اہل حکمرانوں نے ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کر کے رکھ دیا ہے ملک کے عوام روز بروز کی بڑھتی ہوئی مہنگائی سے تنگ آچکے ہیں ان خیالات کا اظہار سابق وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت وبلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں تفصیل نمبر 67 صفحہ 3 پر

مسلط شدہ حکمران مملکت خداداد پاکستان میں مغربی ایجنڈے کی راج چاہتے ہیں، مولانا حافظ محمد یوسف

جمعیت علماء اسلام اسلام دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو کامیاب ہونے نہیں دیں گی

چمن (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی شوریٰ کے رکن مولانا حافظ محمد یوسف نے کہا کہ مسلط شدہ حکمران مملکت خداداد پاکستان میں مغربی ایجنڈے کی راج چاہتے ہیں علماء کرام نے ہر محاذ پر لادینیت پھیلانے والوں کا راستہ روکنا ہوگا جمعیت علماء اسلام اسلام دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو کامیاب ہونے نہیں دیں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ اسلامیہ تفصیل نمبر 65 صفحہ 3 پر

سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی کے ٹراما سینٹر میں معصوم بچے کی ہلاکت پر تشویش ہے، عابد سلیم قریشی

واقعہ پر تحقیقات کر کے غیر حاضر ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی کے ٹراما سینٹر میں معصوم بچے کی ہلاکت پر تشویش ہے واقعہ پر تحقیقات کر کے غیر حاضر ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر میر بلال خان عمرانی کی قیادت میں ملنے والے متاثرہ بچے کے ورثاء سے بات چیت کرتے ہوئے تفصیل نمبر 68 صفحہ 3 پر

ملک وقوم کیلئے حکومت اور تمام ادارے ایک پیج پر ہیں، ہمایوں اختر خان

2020 میں نئے انتخابات یا ان ہاؤس تبدیلی کی مشق کا کوئی جواز نہیں، سینئر مرکزی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما وسابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ اپوزیشن جتنا مرضی واویلا کرلے احتساب کے بیانیے میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی، وزیر اعظم عمران خان نے معیشت کو مشکلات سے نکالنے کیلئے اپنے سیاسی مفادات کو پس پشت ڈالتے ہوئے غیر مقبول فیصلے کئے اور عوام نیک نیتی سے کی جانے والی کوششوں سے آگاہ ہیں۔

امن کی خواہش کو ہندوستان اگر ہماری کمزوری سمجھے تو یہ اسکی بھول ہے، غفور علی بھٹی

وطن عزیز سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے ملکی سلامتی کی خاطر ہم سب ایک ہیں، میجر (ر) اعجاز محمود کی گفتگو

خانقاہ ڈگر (این این آئی) تحریک انصاف کے سینئر رہنما سابقہ ناظم میجر (ر) اعجاز محمود کے ڈیرے پر جشن آزادی کے حوالے سے تقریب منعقد کی گئی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے کیا گیا بچوں نے جھنڈیاں لہرا کے ملی نغمے گا کر تقریب میں آئے مہمان حاضرین کے دل جیت لئے اس تقریب میں مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما حاجی غفور علی بھٹی مہمان خصوصی تھے غفور علی بھٹی نے تقریب سے خطاب تفصیل نمبر 35 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم کا ہاؤسنگ پروجیکٹ ہم سنگ میل ثابت ہوگا، فرمان زرکون

پروجیکٹ کے تحت ملنے والے ٹیکس ریلیف اور دیگر مراعات سے مقامی سرمایہ کار بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں

ضرورت اس امر کی ہے کہ سرمایہ کاروں اور تعمیراتی شعبے سے وابستہ افراد کو اس حوالے سے آگاہی دی جائے، چیف ایگزیکٹو سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (ش ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے گزشتہ روز اسٹیٹ بینک آف پاکستان کوئٹہ کے چیف منیجر احمد علی عمران سے ملاقات کی، اس موقع پر وزیر اعظم ہاؤسنگ پروجیکٹ اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا کہ پروجیکٹ کے تحت ملنے والے ٹیکس ریلیف اور دیگر مراعات سے مقامی سرمایہ کار بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں، انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان سرمایہ کاری تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نور اللہ مینگل وتحصیل درگ ضلع موسیٰ خیل کے دورے کے موقع پر مکھے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے